Rg.No. 1546653-9

ٹورنٹو (کینیڈا) سے شائع ہونے والا کثیر الاتعداد اور حکومت کینیڈا سے منظور شدہ اخبار

www.layalpurpost.com

ہفت روزہ

لائلپور پوسٹ

چیف ایڈیٹر پبلشر
منیر احمد ڈار

ایڈیٹر: رفعت منیر ڈار

جلد نمبر 1 | منگل، 30 جنوری 2024ء، 18 رجب المرجب 1445ھ، 18 ماگھ 2080 ب م | شمارہ نمبر 13

نواز شریف کو بیٹے سے تنخواہ نہ لینے پر نا اہل کیا گیا، نواز شریف قوم کا خدمت گزار ہے نواز شریف جب آتا ہے تو مہنگائی کم ہوتی ہے

نواز شریف اپنی نہیں قوم کی خاطر الیکشن لڑنا چاہتے ہیں

ہمارا کسی سیاسی جماعت سے مقابلہ نہیں، ہم نوے والے نہیں 28 مئی والے لوگ ہیں دونوں تاریخوں میں بڑی تاریخ موجود ہے، ملک ترقی کرتا ہے آٹا سستا ہوتا ہے

لاہور (بیورو چیف) مسلم لیگ (ن) کی چیف آرگنائزر مریم نواز نے کہا ہے کہ نواز شریف اپنی خاطر نہیں صرف قوم کی خاطر الیکشن لڑنا چاہتے ہیں کہ قوم (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

لاہور، مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف حلقہ این اے 130 کے ذیلی حلقہ پی پی 173 میں منعقدہ جلسہ میں ہاتھ ہلا کر کارکنوں کے نعروں کا جواب دے رہے ہیں، مریم نواز، بلال یاسین بھی موجود ہیں

ماضی میں دونوں ممالک کے درمیان کبھی علاقائی تنازع نہیں رہا، ہم پاکستان کی سلامتی اور خودمختاری کا احترام کرتے ہیں، ایرانی وزیر خارجہ

پاک ایران وزرائے خارجہ کی ملاقات

دہشتگردی کیخلاف اعلیٰ سطح کمیشن بنانے کا فیصلہ

پاکستان اور ایران میں دہشت گردوں کو موقع نہیں دیں گے، دہشت گردوں نے پاکستان اور ایران کو بہت نقصان پہنچایا ہے۔ تجارت کے فروغ کیلئے بارڈر فوری طور پر کھولنے کا فیصلہ کیا ہے، ایرانی وزیر خارجہ

ایران اور پاکستان کے درمیان رابطے کیلئے تربت اور زاہدان میں رابطہ افسر مقرر کیے جائیں گے، ریاست کی خودمختاری اور احترام ضروری ہے، دہشت گردی دونوں ممالک کا مشترکہ مسئلہ ہے، جلیل عباس جیلانی

اسلام آباد (بیورو چیف) پاکستان اور ایران کے وزرائے خارجہ کی ملاقات میں دہشت گردی کے خلاف اعلیٰ سطح کا کمیشن قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اسلام آباد میں نگراں وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی اور ایرانی وزیر خارجہ حسین امیر عبداللہیان نے مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب میں کہا کہ اعلیٰ سطح کا کمیشن قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس میں دونوں ممالک کے وزرائے خارجہ شامل ہوں گے۔ دہشت گردی سے متعلق ایک دوسرے کے (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

ایف بی آر کی تقسیم نگرانوں کی آخری کوشش آئی ایم ایف کا بہانہ

ملٹری اسٹیبلشمنٹ اور وزیراعظم آفس کو آگاہ کیا گیا کہ ایف بی آر کو دو اداروں میں تقسیم کرنا آئی ایم ایف کے پروگرام کی شرائط کا حصہ ہے

آئی ایم ایف کی ٹیم نے فیصلہ حکومت پاکستان پر چھوڑ دیا لیکن اب یہ پیش کیا جا رہا ہے کہ تقسیم آئی ایم ایف کا مطالبہ ہے جو درست نہیں

اسلام آباد (بیورو چیف) نگراں حکومت نے متعلقہ طاقتور حلقوں کو راضی کرنے کے لیے آئی ایم ایف کے مطالبات کے نام پر ایف بی آر کو تقسیم کرنے کا بہانہ پیش کر دیا تاہم فنڈ کی تکنیکی ٹیم نے ابھی تک ایسی کوئی خاص سفارش نہیں کی۔ اعلیٰ سرکاری ذرائع نے تصدیق کی کہ نگراں وزیر خزانہ ڈاکٹر شمشاد اختر اگلے عام انتخابات کے انعقاد سے قبل وفاقی (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

8 فروری کو ہونیوالے عام انتخابات کے انعقاد کیلئے ایک اور مرحلہ طے

مختلف حلقوں کے بیلٹ پیپرز کی ترسیل کا کام شروع، سرکاری خبر رساں ادارہ

اسلام آباد (بیورو چیف) پاکستان میں 8 فروری 2024ء کو ہونیوالے والے عام انتخابات کے انعقاد کیلئے ایک اور مرحلہ طے، مختلف حلقوں کے بیلٹ پیپرز کی ترسیل کا کام شروع، سرکاری خبر رساں ادارے کیمطابق عام انتخابات کے لیے مختلف حلقوں کے بیلٹ پیپرز کی ترسیل کا کام شروع کر دیا گیا ہے جبکہ پرنٹنگ کا کام 4 فروری تک مکمل ہونیکی توقع ہے۔

اب تک 600 سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی تحقیقات ہو چکی ہے، مرتضیٰ سولنگی

اعلیٰ عدلیہ کیخلاف تضحیک آمیز اور بہتان تراشی پر مہم جاری تھی، جس پر وفاقی وزارت داخلہ نے جے آئی ٹی تشکیل دی تھی

تقریباً 110 افراد کو نوٹس جاری کر دیے گئے ہیں جن میں لگ بھگ 22 سیاسی کارکن یا سیاستدان اور 32 صحافی شامل ہیں

اسلام آباد (بیورو چیف) نگران وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات مرتضیٰ سولنگی نے کہا ہے کہ اعلیٰ عدلیہ کیخلاف تضحیک آمیز اور بہتان تراشی کی مہم پر تقریباً 600 سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی تحقیقات ہوئیں اور 32 صحافیوں سمیت 110 افراد کو نوٹسز جاری کر دیے گئے ہیں۔ نگران وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات و پارلیمانی امور مرتضیٰ سولنگی نے اسلام آباد میں پریس کانفرنس میں کہا کہ اعلیٰ عدلیہ کیخلاف تضحیک آمیز (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

حماس اسرائیلی فوج کا اسلحہ استعمال کرنے لگی، نیا انکشاف

حماس کے پاس موجود بیشتر اسلحہ اسرائیلی فوج سے چوری کیا گیا تھا

واشنگٹن (این این آئی) ہتھیاروں کے ماہرین اور انٹیلی جنس حکام نے بتایا ہے کہ سات اکتوبر کے حملے اور غزہ کی پٹی کی موجودہ جنگ میں حماس کی طرف سے (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

اسلام آباد، نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ سے ایرانی وزیر خارجہ ملاقات کر رہے ہیں

استنبول کے چرچ پر حملے میں ملوث داعش کے دو ارکان گرفتار

ترک صدر طیب اردوآن کا چرچ کے پادری سے فون پر اظہار افسوس

انقرہ (این این آئی) ترکیہ کے وزیرِ داخلہ علی یرلیکایا نے کہا ہے کہ ترک حکام نے دو مسلح افراد کو گرفتار کیا ہے جنہوں نے استنبول کے ایک چرچ حملے میں سروس کے دوران ایک شخص کو گولی مار کر ہلاک کر دیا تھا۔ اس حملے کی ذمہ داری داعش نے قبول کی ہے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

گیس منصوبہ، ایرانی ڈیڈلائن میں توسیع پاکستان منصوبے پر سنجیدگی دکھائے تہران

اگر پاکستان نے مثبت جواب نہ دیا تو ایران پاکستان کیخلاف 18 ارب ڈالرز ہرجانے کا دعویٰ دائر کریگا

عالمی قوانین کے ماہرین، لیگل فریم ورک اور گیس انجینئرز پر مشتمل ایرانی ٹیم فروری کے دوسرے ہفتے میں پاکستان آئیگی

اسلام آباد (بیورو چیف) سینئر سرکاری افسران نے بتایا ہے کہ ایران نے انتہائی زیادہ تاخیر کا شکار ایران پاکستان (آئی پی) گیس لائن منصوبے پر سنجیدگی کا مظاہرہ کرنے پر پاکستان کو 180 دن کی ڈیڈ لائن ستمبر 2024 تک بڑھا دی ہے اور اگر پاکستان نے مثبت جواب نہ دیا تو ایران پیرس میں قائم بین الاقوامی ثالثی فورم میں پاکستان کیخلاف 18 ارب ڈالرز ہرجانے کا دعویٰ دائر کرے گا۔ تاہم، (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

غزہ کی 80 فیصد سرنگیں اب بھی برقرار ہیں، اسرائیل

غزہ میں سرنگوں کی تباہی مستقبل کی انتظامیہ کی ذمہ داری ہوگی، زاچی ہنگبی

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل کی قومی سلامتی کونسل کے سربراہ زاچی ہنگبی نے کہا ہے کہ غزہ کی پٹی میں غیر تزویراتی سرنگوں کو تباہ کرنا پٹی پر موجودہ جنگ کے مقاصد میں شامل نہیں ہے۔ سرنگوں کو موجودہ جنگ میں ختم کرنا مشکل ہے، مستقبل کی انتظامیہ سرنگوں سے نمٹنے کی ذمہ دار ہوگی۔ اسرائیلی نشریاتی ادارے کی رپورٹ کے مطابق انہوں نے کنیسٹ (باقی صفحہ 2 نمبر

حملے کا نشانہ بنایا گیا امریکی اڈہ ہماری سرحد کے باہر ہے، اردن

حملہ اردن کی سرحد کے قریب شام کے اندر پیش آیا، سرکاری ترجمان مہند

عمان (این این آئی) امریکی محکمہ دفاع کی جانب سے شام سے آنے والے ڈرون سے تین امریکی فوجیوں کی ہلاکت اور 34 کے زخمی ہونے کے اعلان کے بعد اردن کے وزیر مواصلات اور حکومت کے سرکاری ترجمان مہند مبیضین نے امریکی افواج پر حملے کی تصدیق کردی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق پیر کو ایک بیان میں انہوں (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

لاہور، بادامی باغ سبزی منڈی میں شہری خریداری کر رہے ہیں

سپریم کورٹ کا صحافیوں کیخلاف نوٹسز فوری واپس لینے کا حکم

تنقید کی بنا پر صحافیوں کو جاری نوٹس فوری واپس لیے جائیں، چیف جسٹس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے صحافیوں کے خلاف نوٹسز فوری واپس لینے کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ تنقید کی بنا پر صحافیوں کو جاری نوٹس فوری واپس لیے جائیں۔ پیر کو سپریم کورٹ میں ایف آئی اے کی جانب سے صحافیوں کو ہراساں کرنے سے متعلق 2021 میں لیے گئے ازخود نوٹس کی سماعت چیف جسٹس پاکستان (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

الیکشن 2024، نصف سے زائد پولنگ اسٹیشنز حساس قرار

کل 90 ہزار 675 پولنگ اسٹیشنز میں سے 46 ہزار 65 کو حساس قرار دیا گیا ہے

اسلام آباد (بیورو چیف) آئندہ عام انتخابات کے لیے ملک بھر میں قائم کیے جانے والے پولنگ اسٹیشنز میں سے اکثر کو حساس یا انتہائی حساس قرار دیا گیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ملک بھر میں قائم کیے جانے والے کل 90 ہزار 675 پولنگ اسٹیشنز میں سے 46 ہزار 65 (50 فیصد سے زیادہ) کو حساس قرار دیا گیا ہے، جن میں سے (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

پیٹرول، ڈیزل کی قیمتوں میں 9 روپے فی لیٹر تک اضافے کا امکان

وجہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اضافے اور امپورٹ پریمیم کا بڑھنا ہے

اسلام آباد (بیورو چیف) پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں کا 31 جنوری سے اگلے پندرہ روز کے لیے 5 تا 9 روپے فی لیٹر بڑھنے کا امکان ہے، جس کی وجہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اضافے اور امپورٹ پریمیم کا بڑھنا ہے، اس کے سبب شرح تبادلہ میں معمولی بہتری کے اثرات زائل ہو جائیں گے۔ واضح رہے کہ 15 جنوری کو حکومت نے پیٹرول کی قیمت میں 8 روپے فی لیٹر کمی جبکہ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت برقرار رکھنے کا اعلان کیا تھا، جس کے بعد پیٹرول کی قیمت 259 روپے 34 پیسے فی لیٹر ہوگئی ہے جبکہ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت 276 روپے 21 پیسے فی لیٹر پر برقرار رکھی گئی۔ ذرائع نے بتایا کہ پیٹرول اور ڈیزل کی عالمی منڈیوں میں قیمتیں گزشتہ 15 دن کے دوران بڑھی ہیں، اس کے علاوہ پاکستان (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

اسرائیل کا غزہ میں غیر قانونی یہودی بستیاں بنانے کا منصوبہ

اسرائیلی کابینہ کے وزیروں کے اجلاس میں غزہ میں فلسطینیوں کے مسمار کیے گئے گھروں پر یہودی بستیاں بنانے کے منصوبے پر غور کیا گیا

7 اکتوبر 2023 سے جاری اسرائیلی حملوں میں اب تک 26 ہزار 422 فلسطینی شہید اور 65 ہزار سے زائد زخمی ہو چکے ہیں

غزہ (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیل غزہ میں فلسطینیوں کے گرائے گئے گھروں پر نئی غیر قانونی یہودی بستیاں تعمیر کرنیکی منصوبہ بندی کر رہا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق اسرائیلی کابینہ کے وزیروں کے اجلاس میں غزہ میں فلسطینیوں کے مسمار کیے گئے گھروں پر یہودی بستیاں بنانے کے منصوبے پر غور کیا گیا۔ اسرائیلی وزرا نے یہودی بستیوں کی تعمیر جلد شروع کرنے پر اتفاق کیا۔ دوسری جانب اسرائیل کے وزیر اعظم نیتن یاہو نے بیان میں کہا ہے کہ یرغمالیوں کے تبادلے سے متعلق مذاکرات مثبت انداز میں آگے بڑھ رہے ہیں تاہم اس سلسلے (باقی صفحہ 2 نمبر 34)

شیخ رشید احمد وحمایتی امیدواروں کی مہم چلانے پر بھر مقدمہ درج کرلیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد وحمایتی امیدواروں کی مہم چلانے پر بھر مقدمہ درج کرلیا گیا، مقدمہ پولیس مدعیت میں تھانہ صادق آباد میں ساؤنڈ سسٹم ایکٹ اور دفعہ 144 کی خلاف ورزی پر درج کیا گیا، سکستھ روڈ پر رکشہ جس پر قلم دوات کا نشان لگا تھا پر ساؤنڈ سسٹم (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

لاہور، پاک کشمیر یو کے بزنس چیمبر کے چیئرمین آصف سلیم مٹھا اور شہباز علی فاؤنڈیشن کے چیئرمین شہباز علی ملک پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اسرائیل کو اسلحہ فراہمی کی پالیسی میں تبدیلی نہیں آئی، امریکا

اسرائیل کا حق ہے وہ حماس خطرے کے پیش نظر اپنا دفاع کرے، بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وائٹ ہاؤس نے واضح کیا ہے کہ اسرائیل کو اسلحہ کی فراہمی کے حوالے سے اس کی پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 35)

امریکا میں فلسطین کے حق میں احتجاج، روس پر الزام عائد

مظاہروں کے حوالے سے روسی رابطوں کی تحقیقات کی جائیں، امریکی سپیکر

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ کے ایوان نمائندگان کی سابق سپیکر نینسی پیلوسی نے غزہ میں جنگ بندی کے حق میں اور فلسطینیوں کی ہلاکتوں کے خلاف بڑھتے ہوئے احتجاج کے پیچھے روسی رابطوں کا شبہ ظاہر کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک انٹرویو میں ان مظاہروں کے بارے میں ان کا کہنا تھا کہ ایف بی آئی کو تحقیقات کرنا (باقی صفحہ 2 نمبر 36)

اسرائیل کیلئے جاسوسی کرنیوالے 4 افراد کو پھانسی دیدی گئی

ان مجرموں نے اسرائیلی ایجنسی موساد سے بیرونِ ملک تربیت حاصل کی تھی

تہران (بیورو چیف) ایران میں اسرائیل کے لیے جاسوسی کے الزام میں 4 مجرموں کو پھانسی دے دی گئی۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق ایرانی عدلیہ نے اسرائیل کے لیے جاسوسی کے مجرموں کو پھانسی دیے جانے کی تصدیق کی ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کا کہنا ہے کہ پھانسی پانے والے مذکورہ 4 مجرمان پر ایرانی فوجی تنصیبات پر حملوں کی منصوبہ بندی کا الزام تھا۔ غیر ملکی خبر ایجنسی نے بتایا ہے کہ ان مجرموں نے اسرائیلی ایجنسی موساد سے بیرونِ (باقی صفحہ 2 نمبر 37)

پاکستان میگا لیدر شو، پاک چین لیدر انڈسٹری میں تعاون کو فروغ ملا

لاہور (این این آئی) پاکستان میگا لیدر شو سے پاکستان۔ چین چمڑا صنعت میں شراکت کو فروغ ملا، چین پاک شو انڈسٹری کے درمیان تعاون کے امکانات کو تقویت ملی۔ گوادر پرو کے مطابق نواں پاکستان میگا لیدر شو لاہور میں منعقد ہوا جس میں نمایاں کامیابی حاصل ہوئی۔

مصطفیٰ کمال کھلے عام دھمکیاں دے رہے ہیں، سعید غنی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور سابق صوبائی وزیر سعید غنی نے کہا ہے کہ فائرنگ کے واقعہ میں ہمارے امیدوار سمیت 3 افراد زخمی ہوئے، مصطفیٰ کمال کھلے عام دھمکیاں دے رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 38)

بائیڈن کی انتخابی مہم مسلمان اور عرب معاونین کی عدم شرکت

مقامی رہنماؤں نے بائیڈن کی انتخابی مہم کے مینیجر سے ملاقات کی دعوت بھی مسترد کردی

تل ابیب (این این آئی) بہت سے عرب امریکی اور مسلم ووٹروں نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ وہ بائیڈن کے دوبارہ انتخاب کی کوششوں کی حمایت نہیں کریں گے کیونکہ وہ تل ابیب کے لیے ان کی مستقل حمایت اور محصور غزہ کی پٹی میں فلسطینیوں (باقی صفحہ 2 نمبر 39)

مری اور گلیات میں زیادہ برفباری کا امکان، الرٹ جاری

اسلام آباد (این این آئی) پروونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے مری اور گلیات میں بارشوں اور برفباری سے متعلق الرٹ جاری کر دیا۔ پی ڈی ایم کے ترجمان کے مطابق گزشتہ کئی روز کی (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

9 پاکستانیوں میں شامل بہاولپور کے 2 نوجوانوں کے قتل پر لواحقین کا احتجاج

بہاولپور (این این آئی) ایران کے شہر سروان میں جاں بحق ہونے والے 9 پاکستانیوں میں شامل بہاولپور کے 2 نوجوانوں کے قتل پر لواحقین نے احتجاج کیا ہے۔ مظاہرین نے ذخیرہ اوور ہیڈ برج کے قریب قومی شاہراہ بلاک کر دی، احتجاج کے (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

ٹنڈو محمد خان کے ایک گاؤں میں نامعلوم افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں بہن بھائی جاں بحق

ٹنڈو محمد خان (این این آئی) ٹنڈو محمد خان کے ایک گاؤں میں نامعلوم افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں بہن بھائی جاں بحق ہو گئے۔ واقعے میں 2 افراد زخمی ہوئے، لاشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

پنجاب سے کینیڈا افرادی قوت بھجوانے کیلئے ایم او یو پر دستخط

پنجاب اور کینیڈین صوبوں کے درمیان معاہدے سے دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور سیاحت کو بھی فروغ ملے گا، عامر میر

پنجاب سے کینیڈا افرادی قوت بھجوانے کیلئے ایم او یو پر دستخط، معاشی ترقی کے نئے سفر کا آغاز ہے: محسن نقوی

لاہور (بیورو چیف) پنجاب سے کینیڈا کو افرادی قوت بھیجنے کے لئے ایم او یو پر دستخط ہو گئے۔ کینیڈا کے شہر وینکوور میں حکومت پنجاب اور پاکستان ویسٹرن کینیڈا ٹریڈ ایسوسی ایشن کے مابین افرادی قوت کینیڈا بھجوانے کے لیے مفاہمتی یادداشت پر صوبائی وزیر ایس ایم تنویر اور بشریٰ رحمان نے دستخط کیے۔ ایم او یو پر دستخط کی تقریب وینکوور میں کینیڈین قونصل خانے میں منعقد ہوئی۔ قونصل (باقی صفحہ 2 نمبر 40)

الیکشن 2024، ای سی پی کی انتخابات سے متعلق شکایات کیلئے واٹس ایپ ہیلپ لائن متعارف

اسلام آباد (بیورو چیف) الیکشن کمیشن آف پاکستان (ای سی پی) نے عام انتخابات کے سلسلے میں پولنگ سے متعلق شکایات کے اندراج کے لیے واٹس ایپ ہیلپ لائن متعارف کرادی ہے۔ 8 فروری کو ملک (باقی صفحہ 2 نمبر 48)

خاور مانیکا اور بشریٰ بی بی کی طلاق کی دستاویزات کا ریکارڈ لینے کی اپیل خارج

عدالت نے مقامی وکیل کی عدم پیروی کی بنیاد پر درخواست خارج کردی

لاہور (بیورو چیف) لاہور ہائیکورٹ نے خاور مانیکا اور بشریٰ بی بی کی طلاق کی دستاویزات کا ریکارڈ لینے کی اپیل خارج کر دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شہرام سرور چوہدری کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے مقامی وکیل کی درخواست پر سماعت کی۔ عدالت نے مقامی وکیل کی عدم پیروی کی بنیاد پر درخواست خارج کردی۔ واضح رہے کہ اسلام آباد ہائیکورٹ نے عمران خان اور بشریٰ بی بی کے خلاف عدت میں نکاح کے کیس کے ٹرائل پر حکم امتناع میں توسیع کردی ہے اور عدالت نے ٹرائل کورٹ کو گواہوں کے بیانات ریکارڈ نہ کرنیکا حکم دے رکھا ہے

3 امریکی فوجیوں کی ہلاکت امریکا کیلئے پیغام ہے، حماس رہنما

حملہ شمال مشرقی اردن میں شامی سرحد کے قریب واقع ایک فوجی اڈے میں رہائشی کوارٹرز کے قریب کیا گیا

معصوم لوگوں کی ہلاکتیں نہ رکیں تو سب کو نتائج کا سامنا کرنا ہوگا، امریکی وصیہونی جارحیت دھماکا خیز حیثیت رکھتی ہے، حماس رہنما

غزہ (مانیٹرنگ ڈیسک) حماس کے عہدیدار سمیع ابوزہری نے کہا ہے کہ ڈرون حملے میں 3 امریکی فوجیوں کی ہلاکت امریکی انتظامیہ کیلئے پیغام ہے۔ غیرملکی میڈیا سے گفتگو میں سمیع ابوزہری نے کہا غزہ میں معصوم لوگوں کی ہلاکتیں نہ رکیں تو سب کو نتائج کا سامنا کرنا ہوگا۔ سمیع ابوزہری نے کہا غزہ میں امریکی وصیہونی جارحیت دھماکا خیز حیثیت رکھتی ہے۔ واضح رہے کہ اتوار کو اردن میں (باقی صفحہ 2 نمبر 41)

دبئی کسٹمز نے دردکش گولیوں کی سمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی

سمندری کسٹم مراکز میں موجود آلات کی مدد سے سمگلنگ ناکام بنائی، حکام

دبئی (این این آئی) دبئی کسٹمز نے ٹراماڈول گولیوں کی سمگلنگ کی کوشش کو ناکام بنا دیا ہے۔ ٹراماڈول گولیاں اوپینڈینا لجیسک ڈرگ کی کلاس سے تعلق رکھتی ہیں۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 42)

جہاں آئینی سوال ہو وہاں عدالت عظمیٰ پارلیمانی معاملہ دیکھ سکتی ہے، سپریم کورٹ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان کے فیصلے کے خلاف سابق وزیر اعظم عمران خان، سابق اسپیکر اسد قیصر اور صدر عارف علوی کی نظر ثانی درخواستوں پر سماعت کرتے ہوئے جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیئے ہیں کہ جہاں آئینی سوال ہو وہاں عدالت عظمیٰ پارلیمانی معاملہ دیکھ سکتی ہے جبکہ عدالت عظمیٰ نے (باقی صفحہ 2 نمبر 47)

اسرائیلی صدر نے عالمی عدالت انصاف پر الزام عائد کر دیا

عالمی عدالت انصاف نے میرے الفاظ کو توڑ مروڑ کر پیش کیا، بیان

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل کے صدر اسحٰق ہرزوگ نے بین الاقوامی عدالت انصاف پر الزام لگایا ہے کہ بین الاقوامی عدالت انصاف نے اپنے فیصلے میں میرے الفاظ کو غلط پیش کیا ہے۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی صدر اسحٰق ہرزوگ (باقی صفحہ 2 نمبر 43)

امریکا حوثی باغیوں کے حملوں سے نمٹنے کیلئے پاکستان سے تعاون کا خواہشمند

حوثیوں کے حملوں سے خطے کی تجارت متاثر ہو رہی ہے، پاکستان سے بحیرہ احمر میں کشیدگی پر رابطے میں ہیں

خطے کے دیگر ممالک حوثیوں کے خلاف ٹاسک فورس میں شامل ہوں تو خوش آمدید کہیں گے، مارگریٹ میکلاڈ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا یمن کے حوثی باغیوں کے حملوں سے نمٹنے کیلئے پاکستان سے تعاون کا خواہشمند ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کی اردو ترجمان مارگریٹ میکلاڈ نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نیوی انٹرنیشنل کمبائن میری ٹائم فورس کی موثر رکن ہے۔ مارگریٹ میکلاڈ نے کہا کہ حوثیوں کے حملوں سے خطے کی تجارت متاثر ہو رہی ہے، پاکستان سے بحیرہ احمر (باقی صفحہ 2 نمبر 44)

لاہور، پانی کی کمی اور سیاحوں کی آمد کا رجحان نہ ہونے کی وجہ سے ملاحوں نے کشتیاں دریا کنارے کھڑی کی ہوئی ہیں

برازیل میں مسافر بردار طیارہ گر کر تباہ؛ 7 افراد ہلاک

برازیلیا (مانیٹرنگ ڈیسک) برازیل کی ریاست میناس گیریس میں ایک انجن والا چھوٹا طیارہ پرواز بھرنے کے کچھ دیر بعد ہچکولے کھاتے ہوئے پہاڑی علاقے میں ایک آبشار کے نزدیک گر کر تباہ ہوگیا۔

ملک میں 21.28 ملین موبائل فون اسمبل، 1.58 ملین درآمد ہوئے

اسلام آباد (بیورو چیف) پاکستان نے گزشتہ سال چینی تعاون سے 21.28 ملین موبائل فون اسمبل، 1.58 ملین درآمد کیے۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کے اعداد و شمار کے مطابق 2023 میں 93.1 فیصد موبائل فون مقامی سطح پر اسمبل، 6.9 فیصد درآمد کیے گئے، جس متوازن (باقی صفحہ 2 نمبر 46)

اپنی افواج پر حملے برداشت نہیں کریں گے، امریکی وزیر دفاع

افواج اور مفادات کے دفاع کے لیے تمام اقدامات کریں گے، بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر دفاع لائیڈ آسٹن نے اس حملے کا جواب دینے کا عزم ظاہر کیا ہے جس میں شام کی سرحد کے قریب شمال مشرقی اردن میں ایک (باقی صفحہ 2 نمبر 45)

ڈالر کی قدر 250 روپے کے قریب ہونی چاہیئے، اسحاق ڈار

صوبائی حکومتیں چاہیں تو اپنے بجٹ سے صارفین کو مفت بجلی دے سکتی ہیں، مہنگائی کی شرح دس فیصد سے کم کر دیں گے

ن لیگ کو حکومت ملی تو ہماری ترجیح صرف معیشت معیشت اور معیشت ہوگی: پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما

اسلام آباد (بیورو چیف) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما اور سابق وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ اگر مسلم لیگ ن کو حکومت ملی تو ہماری ترجیح صرف معیشت، معیشت اور معیشت ہوگی۔ اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ سادہ اکثریت ملی اور پھر کوئی سازش نہ ہوئی تو بغیر کسی دباؤ کے کام کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن نے منشور میں ایسا کوئی ہدف نہیں دیا جس پر عمل نہ ہو سکے، مہنگائی کی شرح 22 ماہ کے اندر اندر دس فیصد سے کم کر دیں گے، ڈالر کی قدر 250 روپے کے قریب ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومتیں چاہیں تو اپنے بجٹ سے صارفین کو مفت بجلی دے سکتی ہیں،

لاہور، استحکام پاکستان پارٹی کے صدر عبدالعلیم اپنے حلقہ میں کارکنوں سے خطاب کر رہے ہیں

ہفت روزہ
لائلپور پوسٹ
کینیڈا
www.layalpurpost.com

پاک ایران کا دہشت گردی کے خلاف اعلی سطح کا کمیشن قائم کرنے کا فیصلہ

پاکستان اور ایران کے وزرائے خارجہ کی ملاقات میں دہشت گردی کے خلاف اعلی سطح کا کمیشن قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اسلام آباد میں نگراں وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی اور ایرانی وزیر خارجہ حسین امیر عبداللہیان نے مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب میں کہا کہ اعلی سطح کا کمیشن قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس میں دونوں ممالک کے وزرائے خارجہ شامل ہوں گے۔ دہشت گردی سے متعلق ایک دوسرے کے خدشات کو دور کیا جائے گا۔ ایرانی وزیر خارجہ حسین امیر عبداللہیان کا کہنا تھا کہ ماضی میں دونوں ممالک کے درمیان کبھی علاقائی تنازع نہیں رہا۔ ہم پاکستان کی سلامتی اور خودمختاری کا احترام کرتے ہیں۔ پاکستان اور ایران میں دہشتگردوں کو موقع نہیں دیں گے۔ ایرانی وزیر خارجہ کا مزید کہنا تھا کہ دہشت گردوں نے پاکستان اور ایران کو بہت نقصان پہنچایا ہے۔ تجارت کے فروغ کے لیے بارڈر فوری طور پر کھولنے کا فیصلہ کیا ہے نگراں وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی کا کہنا تھا کہ ایران اور پاکستان کے درمیان رابطے کے لیے تربت اور زاہدان میں رابطہ افسر مقرر کیے جائیں گے۔ ریاست کی خودمختاری اور احترام ضروری ہے۔ دہشت گردی دونوں ممالک کا مشترکہ مسئلہ ہے۔ ایران کے ساتھ اعلی سطح کے رابطے ہیں۔ جو غلط فہمی تھی اس پر قابو پالیا گیا ہے۔

خوشخبری
(فیصل آباد)
انجمن تاجران لائلپور سٹی

تمام تاجران لائلپور سٹی فیصل آباد کو خوشخبری دی جاتی ہے کہ آپ کی تنظیم بنام انجمن تاجران لائلپور سٹی کا قیام اور اجراء عمل میں لایا گیا ہے جو کہ تاجران کمیونٹی کے تجارتی مسائل اور حقوق کے تحفظ کیلئے آپ کے شانہ بشانہ کام کرنے کیلئے دن رات کام کرے گی اور حکومت وقت سے بات چیت کر کے انکو ممکن حد تک حل کروانے میں مدد کرے گی۔

منیر احمد ڈار
(صدر)
جاوید بٹ
(نائب صدر)

ہیڈ آفس :
P-30/47A، دفتر نمبر 4 فرسٹ فلور سکا ٹاور پلازہ نیو سول لائنز سرگودھا روڈ فیصل آباد
ٹیلی فون نمبر 041-8782681، موبائل نمبر 0333-7791007

میاں کرم الہی چوک

ہر خاص و عام کے لئے اطلاع ہے کہ انتظامیہ میاں کرم الہی ٹرسٹ سکا ٹاور پلازہ بلاک اے نیو سول لائنز سرگودہا روڈ فیصل آباد نے پلازہ کے کارنر کے بالکل ساتھ گزرنے والی سڑک جو کہ سرگودہا روڈ سے منسلک ہے اس کا نام میاں کرم الہی چوک رکھ دیا ہے اور گذارش ہے کہ آئندہ اس چوک کو نئے نام میاں کرم الہی چوک سے ہی لکھا اور پکارا جائے۔

منجانب انتظامیہ

میاں کرم الہی ٹرسٹ
30/47A-پی آفس نمبر 4 فرسٹ فلور سکا ٹاور پلازہ، بلاک اے نیو سول لائنز
میاں کرم الہی چوک، سرگودہا روڈ، فیصل آباد، پنجاب پاکستان 38000۔
041-8782682
041-8782681
0333-7791007

بقیہ نمبر..............1

حاجی اکرم انصاری، پی پی 118 سے مسلم لیگ ن کے نامزد اُمیدوار رزاق ملک اور پی پی 114 سے نامزد اُمیدوار شیخ محمد یوسف کے حق میں رانا عمران گولڈن دستبردار ہونے کے موقع پر پریس کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ رانا ثناءاللہ خاں نے خواجہ اسلام اور دستبردار ہونیوالے دونوں اُمیدواروں کا شکریہ ادا کیا۔ اور کہا کہ خواجہ اسلام سمیت جنہوں نے پارٹی کے لئے قربانی اور جدوجہد کی ہے اُنہیں آئندہ کسی طرح ایڈجسٹ کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر..............2

میاں ریاض الحق نے ڈویژنل ڈسٹرکٹ میڈیا کوارڈینیٹر محمد طاہر شیخ، لیبر لیڈر لال حسین راشد، یوسی صدر چوہدری شبیر رحمانی اور سابق سٹی سیکرٹری اطلاعات و چیئرمین حکیم منیر احمد چشتی، نذیر احمد مستا، ملک تنویر احمد کے ہمراہ پرتاب نگر میں اپنی انتخابی مہم کا آغاز کرتے ہوئے کیا۔ ڈویژنل ڈسٹرکٹ میڈیا کوارڈینیٹر محمد طاہر شیخ، لیبر لیڈر لال حسین راشد نے کہا کہ پاکستان کے عوام کو الیکشن چاہئیں، صرف نواز شریف کو لیول پلیئنگ فیلڈ مل رہی ہے باقی جماعتوں کو کیوں نہیں۔ انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ تیر کو ووٹ ملیں گے تیر انشاءاللہ شیر کا شکار کر کے دکھائے گی عوام الیکشن میں بزدل لیڈروں کو مسترد کرے گی، تین بار کے ناکام وزیراعظم کو چوتھی بار مسلط نہیں ہونے دیں گے۔ اگر اللہ تعالی نے ہمارے جماعت کو کامیابی عطاء کی تو پیپلز پارٹی کا منشور عوام کے لئے آسانی پیدا کرے گا ملک کو اس موجودہ بحران سے نکالنے میں صرف پیپلز پارٹی مددگار ثابت ہوسکتی ہے۔ پیپلز پارٹی کا مقابلہ نون لیگ یا تحریک انصاف کے ساتھ نہیں بلکہ اصل مقابلہ مہنگائی بے روزگاری اور معاشی بحران کے ساتھ ہے عوام فیصلہ کرے گی۔

بقیہ نمبر..............3

حلقہ کی تعمیر و ترقی کے ساتھ ساتھ تمام شہروں، قصبوں اور دیہاتوں میں تعلیم و صحت، امن و امان کے ریکارڈ قائم کئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نواز شریف کا 2017 کا پاکستان واپس لائے گی جس میں بجلی، گیس اور پیٹرول سستا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کا خاتمہ مسلم لیگ (ن) کی اولین ترجیح ہوگی۔ اجتماع میں مسلم لیگ (ن) کے رانا شہریار خان، میاں طاہر جمیل، اسرار منے کے علاوہ کئی دیگر نامزد امیدواران اور شہریوں کی بہت بڑی تعداد بھی موجود تھی۔

بقیہ نمبر..............4

بات پریس کلب میں ڈیجیٹل سٹوڈیو کا افتتاح کرتے ہوئے کہی جس کے قیام کے لئے نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی نے حالیہ دنوں میں خطیر فنڈز فراہم کئے ہیں۔ افتتاحی تقریب کے موقع پر صدر پریس کلب شاہد علی، جنرل سیکرٹری عزادار حسین کے علاوہ دیگر عہدیداران اور صحافی برادری کی کثیر تعداد موجود تھی۔ ڈپٹی کمشنر نے سٹوڈیو میں دستیاب ٹیکنالوجیز کا مشاہدہ اور ڈیجیٹل سٹوڈیو کے قیام کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ شعبہ صحافت میں جدید ٹیکنالوجی سے روشناس ہونا ضروری ہے اور نئی مہارتوں پر عبور حاصل کر کے ہی آگے بڑھا جاسکتا ہے۔ صدر پریس کلب نے ڈیجیٹل سٹوڈیو کا افتتاح کرنے پر ڈپٹی کمشنر کا شکریہ اور فنڈز فراہم کرنے پر نگران وزیر اعلی کو خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ نمبر..............5

کی تو جسٹس سردار طارق مسعود نے انہیں ٹوکتے ہوئے کہا کہ اگر ہم نے کیس سننا ہی نہیں تو دلائل نہ دیں، ہم پر اعتراض اٹھایا جا رہا ہے کہ میں کیس سے الگ ہو جاؤں۔ جسٹس سردار طارق مسعود نے خود کو بینچ سے الگ کر لیا جس کے بعد فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل پر انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت کرنے والا بینچ ٹوٹ گیا۔ سپریم کورٹ نے بینچ کی دوبارہ تشکیل کے لیے معاملہ ججز کمیٹی کو بھجوادیا اور کہا کہ 3 رکنی ججز کمیٹی انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت کیلئے نیا لارجر بینچ تشکیل دے۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ فوجی عدالتوں میں سویلینز کا ٹرائل کالعدم قرار دینے کا فیصلہ معطل رہے گا۔

بقیہ نمبر..............6

قسم کی کارروائی سے روک دیا، ڈی جی ایف آئی اے کو صحافیوں کے ساتھ ملاقات کرنے کی ہدایت کردی اور ایف آئی اے حکام سے سوال کیا کہ صحافیوں کو کیوں بلایا گیا ہے؟ حکم نامے کے مطابق سپریم کورٹ نے حکم دیا ہے کہ وفاقی حکومت صحافیوں پر تشدد کے خلاف رپورٹ 2 ہفتے میں فراہم کرے۔ عدالت عظمٰی نے صحافیوں کو ہراساں کرنے کے خلاف از خود نوٹس کی سماعت (آج) منگل تک ملتوی کردی۔

بقیہ نمبر..............7

بننے کا کوئی چانس نہیں۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ جتنے بھی قبیلے اور قومیتیں ہیں، آرٹیکل 14 کے تحت ان سب کا احترام لازمی ہے، بانی پی ٹی آئی کیخلاف فیصلہ لینے کی کوشش کی جارہی ہے، ابھی تک بھٹو کا مقدمہ نظام انصاف پر داغ ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ بانی پی ٹی آئی کا کینگرو ٹرائل بند کیا جائے، آزادانہ الیکشن ہی سب چیزوں کا حل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے مقدمہ کے فیصلے پر پیش گوئیاں جاری ہیں، ججز کے بارے میں کوئی بات نہیں کروں گا۔

بقیہ نمبر..............8

طیبہ گل کے خلاف اپنے بیان کی تردید نہیں کی، بادی النظر میں شہزاد سلیم کے خلاف ہتک عزت کی دفعات کے تحت کیس بنتا ہے۔ واضح رہے کہ شہزاد سلیم کی جانب سے میڈیا پر ہتک آمیز الزامات لگانے پر طیبہ گل نے عدالت سے رجوع کیا تھا۔

بقیہ نمبر..............9

روکا گیا تو اس طرح کے فاشسٹ ہتھکنڈوں میں مزید اضافہ ہوگا۔

بقیہ نمبر..............10

پر 21 مقدمات درج ہیں۔ وکیل انور منصور خان نے کہا کہ عدالت تین بار حلیم عادل شیخ کو نئے مقدمات میں گرفتار کرنے سے روک چکی ہے، آئی جی سندھ اور جیل سپرنٹنڈنٹ کے خلاف توہین عدالت کی درخواست دائر کریں گے۔ عدالت نے دو ہفتوں میں پولیس اور دیگر سے پیش رفت رپورٹ طلب کرلی۔

بقیہ نمبر..............11

کنونشن دائیں بازو کی یہودی تنظیم ”نہالہ آرگنائزیشن“ کی طرف سے بلایا گیا تھا۔ جو اس بات پر زور دیتی ہے کہ یہودی بستیوں کی مقبوضہ علاقوں بشمول مغربی کنارے توسیع کی جائے۔ جسے مغربی کنارے میں غیر قانونی سمجھا جاتا ہے۔ بین الاقوامی انسانی گروپ ان یہودی بستیوں کی مخالفت کرتے ہیں اور یہودی آبادکاروں اور فلسطینیوں کے درمیان مغربی کنارا مسلسل پرتشدد واقعات کا مرکز بنا رہتا ہے۔

بقیہ نمبر..............12

لیے امدادی سامان لے کر جانے والے ٹرکوں کو رکوانے میں کامیاب ہوگئے۔ اطلاعات کے مطابق سینکڑوں اسرائیلی مظاہرین اس راہداری کے سامنے جمع ہوئے تھے۔ یہ اس کے باوجود جمع ہوئے تھے کہ اسرائیلی فوج نے اس علاقے کو بند فوجی زون قرار دیا تھا۔ ان اسرائیلی مظاہرین کے حوالے سے بتایا گیا کہ بعض کا تعلق اسرائیلی یرغمالیوں کے خاندانوں سے تھا۔ جو کرم شالوم پر احتجاج کے لیے جمع ہوئے تھے۔ وہ چاہتے تھے کہ غزہ میں کچھ بھی امدادی سامان نہ جاسکے۔

بقیہ نمبر..............13

کے لیے اب زیادہ وقت نہیں ہے۔ وہ اب ترجیح ہیں۔

بقیہ نمبر..............14

خیالات کا اظہار میں پی پی 101 کے امیدوار انتخابی نشان گھڑیال کی انتخابی مہم آزاد امیدوار رائے امتیاز اشرف کھرل نے مختلف چکوک اور یونین کونسل میں تمام برادریوں کے سرکردہ رہنماؤں سے ڈور ٹو ڈور ملاقات کے دوران کمپین کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ نمبر..............15

کرپٹ استحصالی ٹولے پیپلزپارٹی اور ن لیگ کو الوداع کہیں گے، دو سیاسی خاندانوں نے ملک کی ترقی کے نام پر اربوں ڈالرز کے قرضے لیے لیکن ملک تو ترقی نہیں کرسکا یہ خاندان کھرب پتی اور عوام غریب سے غریب تر ہوگئے ہیں ملک ہر طرح کے بحرانوں کی زد میں ہے جبکہ بجلی و گیس کے بحران نے عوام کو اندھیروں میں دھکیل دیا ہے۔ گیس کی کمی، اعلانیہ و غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ، کم پریشر اور مہنگی گیس کے ساتھ اور بلنگ نے تو ان کی چیخیں نکال دی ہیں غریبوں کی تنخواہ اور آمدنی سے بڑھ کر یوٹیلیٹی بلز آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک کی آبادی 25 کروڑ جو آئندہ 2، 3 دہائیوں میں دگنا ہوجائے گی، آبادی کی ضروریات کے مطابق خوراک، تعلیم اور صحت سمیت دیگر بنیادی ضرورتوں کی فراہمی ریاست کی ذمے داری ہے جو سابق حکمرانوں نے کبھی پوری نہیں کی، اس وقت پونے 3 کروڑ بچے اسکولوں سے باہر ہیں، 70 فیصد آبادی کو صاف پانی نہیں ملتا، صحت کا پورا نظام درہم برہم ہے، کمزور کو انصاف نہیں ملتا، قانون پر عملدرآمد نہیں ہورہا، کرپشن عام ہے، سابق حکمرانوں نے کرپشن کی اور احتساب کے اداروں کو مذاق بنا کر رکھ دیا، جماعت اسلامی کا ان تمام مسائل کے حل کے لیے ہوم ورک مکمل ہے، عوام 8 فروری کو ترازو کو ووٹ دے، کامیاب ہو کر روشن و خوشحال پاکستان کی جانب سفر کا آغاز کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے ن لیگ، پیپلز پارٹی اور پی ٹی آئی کے علاوہ ڈکٹیٹروں کی حکومتوں کو بھی دیکھ لیا، ان حکمرانوں نے ملک میں سوائے بے روزگاری، مہنگائی اور غربت میں اضافے کے اور کوئی کام نہیں کیا۔ سابق حکومتوں نے کشمیر پر سودے بازی کی، یہ فلسطینیوں کے حق میں نہیں بولے، انہوں نے قوم سے وعدے کر کے ڈاکٹر عافیہ کی رہائی کے لیے کوئی کوشش نہیں کی۔

بقیہ نمبر..............16

شروع کیں تو اس کو تمام مذاہب پر غلبہ نصیب ہوا دینی تعلیمات نے انسانیت کو زمانہ جاہلیت کی رسومات اور لوگوں کو ظلمت و جہالت سے نکالا اور ان کی صحیح تعلیم و تربیت کی اور انہیں انسانیت کا کھویا ہوا مقام واپس دلایا زمانہ جاہلیت میں بیٹی کو جتنا منحوس اور نا مبارک خیال کیا جاتا تھا اسلام نے اتنا ہی اس کو خوش قسمت اور بابرکت بنایا نبی پاک ﷺ کا فرمان ہے کہ وہ عورت مبارک ہوتی ہے جس کی پہلی اولاد بیٹی ہو بیٹیوں کی پرورش کرنے والا قیامت کے دن حضور ﷺ کے قریب ہوگا بیٹیوں سے حسن سلوک جہنم سے بچائے گا بیٹی کی کفالت کرنے والا جنتی ہوگا بیٹیاں اللہ کی نعمت ہوتی ہیں بیٹی کی خدمت اور پرورش کو رسول اللہ ﷺ محبوب رکھتے تھے والدین کو اور سسرالیوں کو چاہئے کہ بیٹیوں کیساتھ حسن سلوک کریں امت مسلمہ بیٹیوں کو وراثت میں حق دیں بیٹیوں کے معاملات میں رسول اللہ ﷺ کی خواہش اور ارشادات پر عمل پیراہوں بیٹی کی پیدائش پر خوش ہونا چاہئے اور چہرے پر افسردگی نہیں ہونی چاہئے ساس اور بہو کا جھگڑا جہیز اور دولت کے جھگڑے سنت رسول ﷺ سے دوری کا نتیجہ ہے آپ ﷺ کا اسوۂ حسنہ موجود ہے جس سے آج بھی روشنی ملتی ہے بیٹیوں کے معاملات میں سسرال والوں سے بھی گزارش ہے کہ آپ نے بھی مرنا ہے اور آپ کی پیشی بھی اللہ کے حضور ہونی ہے اور اللہ کے ہاں جواب دہ ہونا ہے اپنی زبانوں اور اپنے عمل پر قابو رکھئے اگر آج کسی کی بہن بیٹی پر ظلم کرو گے ساس سسر اپنی بہو کیلئے کافیہ حیات تنگ کرتے ہیں اور اپنے گھر میں آنے والی بیٹی کی عزت نفس کو مجروح کرتے ہیں تو یہ عمل ان کیلئے عذاب کا سبب بنے گا اور کبھی بھی چین نصیب نہیں ہوگا پوری انسانیت ارشادات رسول اللہ ﷺ پر عمل پیرا ہوا تو معاشرہ جنت نظیر بن سکتا ہے۔

بقیہ نمبر..............17

وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی خصوصی ہدایت پر فیسکو ریجن میں صارفین کے بجلی سے متعلقہ مسائل کے فوری ازالہ کیلئے فیسکو ہیڈکوارٹرز میں منعقدہ ای کچہری کے موقع پر کہیں۔ کچہری میں فیصل آباد، جھنگ، چنیوٹ، سرگودھا، میانوالی، بھکر، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور خوشاب کے اضلاع کے صارفین نے اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔ انجینئر محمد عامر نے کہا کہ آن لائن کچہریوں کے انعقاد سے نہ صرف صارفین کے مسائل میں کمی واقع ہورہی ہے بلکہ صارفین فیسکو افسران کو براہ راست اپنے مسائل سے آگاہ کرتے ہیں جس سے فیسکو انتظامیہ کو اپنی سروسز کو مزید بہتر بنانے میں مدد ملتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بجلی سے متعلقہ عوامی شکایات کا فوری ازالہ حکومتی ویژن کا عکاس ہے اور آن لائن کچہریوں کا انعقاد اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے جو کہ صارفین بجلی کے مسائل فوری حل کرنے میں معاون ثابت ہو رہا ہے۔ انہوں نے فیسکو افسران اور ملازمین پر زور دیا کہ وہ صارف دوست رویہ اختیار کریں اور صارفین بجلی کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں۔

بقیہ نمبر..............18

کابینہ سے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی تنظیم نو کی منظوری لینے کے لیے رواں ہفتے ہر ممکن کوشش کرنے کے لیے تیار ہیں۔ ملٹری اسٹیبلشمنٹ اور وزیراعظم آفس کو آگاہ کیا گیا ہے کہ ایف بی آر کو دو اداروں میں تقسیم کرنا آئی ایم ایف کے پروگرام کی شرائط کا حصہ ہے، اس لیے مجوزہ اصلاحاتی منصوبے پر منظوری دینا ضروری ہے۔ حکومت پاکستان کیساتھ آئی ایم ایف کے رابطے نے بالکل مختلف تصویر پیش کی کیونکہ جاری 3 ارب ڈالرز کے اسٹینڈ بائی ارینجمنٹ (ایس بی اے) پروگرام کے تحت شرط کے حصے کے طور پر کچھ خاص نہیں۔ پھر آئی ایم ایف کی ایک تکنیکی ٹیم نے گزشتہ دسمبر 2023 میں پاکستان کا دورہ کیا تاکہ ٹیکس انتظامیہ اور حکومت پاکستان کیساتھ مستقبل کے روڈ میپ پر بات چیت کی جا سکے۔ ابتدائی سفارشات میں آئی ایم ایف نے بتایا کہ بین الاقوامی سطح پر اس بارے میں کوئی طے شدہ نظریہ نہیں ہے کہ آیا کسٹم اور ٹیکس کے افعال کو ایک اتھارٹی کے تحت آنا چاہیے۔ آئی ایم ایف کی تکنیکی ٹیم نے اپنی ابتدائی سفارشات اس وقت پیش کیں جب نگراں وزیر خزانہ نے ان کے سامنے ایک پریزنٹیشن دی کہ دو آپشنز زیر غور ہیں یا تو نیشنل ٹیکس ایجنسی کا قیام یا ایف بی آر کو ختم کر کے دو اداروں کو فیڈرل بورڈ آف ان لینڈ ریونیو اور فیڈرل بورڈ آف کسٹمز بنایا جائے۔ آئی ایم ایف کی ٹیم نے فیصلہ حکومت پاکستان پر چھوڑ دیا لیکن اب یہ پیش کیا جارہا ہے کہ تقسیم آئی ایم ایف کا مطالبہ ہے جو درست نہیں۔ ترجمان وزارت خزانہ کو ایک سوال بھیجا گیا لیکن رپورٹ درج ہونے تک کوئی جواب نہیں ملا۔

بقیہ نمبر..............19

اور بہتان تراشی پر مہم جاری تھی، جس پر وفاقی وزارت داخلہ نے 16 جنوری کو اس معاملے پر مشترکہ تحقیقاتی ٹیم (جے آئی ٹی) تشکیل دی تھی۔ مرتضی سولنگی نے بتایا کہ جے آئی ٹی کا پہلا اجلاس 17 جنوری اور دوسرا اجلاس 23 جنوی کو منعقد ہوا اور اب تک سوشل میڈیا کے تقریبا 600 اکاؤنٹس کی تحقیقات کی بنیاد پر تقریبا 100 انکوائریز رجسٹرڈ کردی گئی ہیں۔ نگران وزیر اطلاعات نے بتایا کہ تقریبا 110 افراد کو نوٹس جاری کردیے گئے ہیں جن میں لگ بھگ 22 سیاسی کارکن یا سیاست دان اور 32 صحافی شامل ہیں اور ابھی تک صرف قانون کے تحت صرف نوٹسز جاری کردیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی کو ہراساں نہیں کیا گیا اور نہ ہی کسی کے خلاف فرسٹ انفارمیشن رپورٹ (ایف آئی آر) درج ہوئی ہے لیکن عدالت اور قانون اپنا راستہ خود لے گا اور اب تک جتنی کارروائی ہوئی ہے وہ قانون کیمطابق ہوئی ہے۔ مرتضی سولنگی کا کہنا تھا کہ آئین کے آرٹیکل 19 کے تحت اظہار رائے کی آزادی لامحدود نہیں بلکہ اس پر مناسب پابندیاں موجود ہیں، سپریم لا آف لینڈ میں درج ہے کہ مسلح افواج اور عدلیہ کے خلاف آئین اور قانون کے دائرہ سے باہر مہم نہیں چلا سکتی۔ ان کا کہنا تھا کہ اس معاملے پر بات تنقید کی نہیں، بات تضحیک اور کردار کشی کی ہورہی ہے، پچھلے دنوں اعلی عدلیہ کے خلاف جو مہم چلائی گئی وہ کسی طور پر بھی تنقید کے زمرے میں نہیں آتا، تنقید کو تہذیب کے دائرہ میں رکھیں اور بہتان تراشی سے گریز کریں۔ نگران وفاقی وزیر نے کہا کہ قانون سازی پارلیمان کا اختیار ہے اور نوٹس دینا متعلقہ اداروں کا اختیار ہے، جے آئی ٹی بننے کے بعد کسی کو گرفتار نہیں کیا گیا، جے آئی ٹی بننے کے بعد بہتان تراشی، کردار کشی اور غلیظ حملے کرنے کی مہم میں واضح کمی آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک معاملہ عوامی رائے اور ایک قانون کی عدالت کا ہے، قانونی سوالات قانون کی عدالت میں رکھیں گے، یہ نہیں ہوسکتا کہ یکطرفہ طور پر حکومت، حکومتی اداروں اور اعلی عدلیہ پر حملے ہوں، حقائق بتانا ضروری ہے، قانونی سوالات کے جوابات قانون کی عدالت میں پیش کریں گے۔ مرتضی سولنگی کا کہنا تھا کہ موجودہ جے آئی ٹی کا دائرہ اختیار واضح ہے، یہ جے آئی ٹی موجودہ دور میں بنی ہے۔ اس موقع پر ایف آئی اے کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) اسحاق جہانگیر نے کہا کہ ضروری نہیں کہ ہر نوٹس پر ایف آئی آر درج ہو، جے آئی ٹی بننے کے بعد غیر یقینی کی فضا میں کمی آئی ہے۔ ڈی جی ایف آئی اے نے کہا کہ جے آئی ٹی بننے کے بعد بہت سے لوگوں نے اپنی ٹوئیٹس اور پوسٹس ڈیلیٹ کیں۔

بقیہ نمبر..............20

استعمال ہونے والے بہت سے ہتھیار ایک غیر متوقع ذریعہ سے آئے ہیں۔ یہ ہتھیار حماس نے اسرائیلی فوجیوں سے چرائے تھے۔ غیر ملکی خبر رساں ادرے کے مطابق حماس اپنے ارکان کو اسرائیلی فوجی اڈوں سے چوری کیے گئے ہتھیاروں سے مسلح کر رہی ہے۔ ایک اسرائیلی اہلکار نے بتایا کہ نہ پھٹنے والا اسلحہ حماس کے لیے دھماکہ خیز مواد کا بنیادی ذریعہ ہے۔ ہتھیاروں کے ماہرین کا کہنا تھا کہ تقریبا 10 فیصد گولہ بارود عموما نہیں پھٹتا لیکن اسرائیل کے معاملے میں یہ تعداد زیادہ ہوسکتی ہے۔ اخبار نے ایک اسرائیلی انٹیلی جنس افسر کے حوالے سے کہا کہ ان میں سے کچھ میزائلوں کی ناکامی کی شرح 15 فیصد تک پہنچ سکتی ہے۔ اسرائیلی تجزیہ نگار ایال ہولاتا جو پہلے اسرائیل کے قومی سلامتی کے مشیر اور قومی سلامتی کونسل کے سربراہ رہ چکے ہیں نے کہا کہ غزہ میں ان کی ایک فوجی صنعت ہے۔ زمین کے اوپر اور نیچے ان کے اسلحہ کے کارخانے ہیں۔ وہ جو اسلحہ چاہتے ہیں وہاں تیار کرتے ہیں۔ ایک مغربی فوجی اہلکار نے کہا کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حماس کی طرف سے اسرائیل کے ساتھ جنگ میں استعمال ہونے والے زیادہ تر ہتھیار اسرائیل کی طرف سے فائر کیے گئے ان بموں سے تیار کیے گئے تھے گرائے جانے کے بعد نہیں پھٹ سکے۔ تاہم مصری حکومت کے ترجمان نے اخبار کو بتایا کہ مصری فوج نے اپنی سرحد کے اطراف میں سرنگوں کو بھی بند کر دیا ہے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ اس وقت غزہ کی پٹی کے اندر موجود بہت سے ہتھیار اسرائیل کے اندر سے اسمگلنگ کا نتیجہ ہیں۔ اسرائیلی فوجی حکام نے بتایا کہ اسرائیلی اڈے سے کچھ ہتھیار لوٹ کر غزہ لے جائے گئے تھے۔

بقیہ نمبر..............21

غیر ملکی خبر رساں ادرے کے مطابق ایک بیان میں یریلیکایا نے کہا کہ یہ حملہ استنبول کے ضلع سری یر میں واقع اطالوی سانتا ماریا کیتھولک چرچ میں ہوا اور ایک ترک شہری سروس میں شرکت کے دوران ہلاک ہوگیا۔ انہوں نے کہا کہ دو مشتبہ قاتلوں کو پکڑ لیا گیا ہے جن کی فائرنگ آج صبح سری یر کے سانتا ماریا چرچ میں اتوار کی سروس کے دوران ہمارے شہری تونسر سیہان کی موت کا سبب بنی۔ پوسٹ میں یہ نہیں بتایا گیا کہ حملے کا محرک کیا تھا اور یہ کس نے کیا۔ صدر طیب اردگان کے دفتر نے کال کی ایک ویڈیو شائع کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے چرچ کے پادری کو اپنی تعزیت اور حمایت کے لیے فون کیا۔

بقیہ نمبر..............22

کے ذریعے عوام کے آرام میں خلل ڈالا جا رہا تھا۔ متن مقدمہ کے مطابق وحید گل اور کامران کو گرفتار کر کے رکشے و ساؤنڈ سسٹم کو قبضے میں لے لیا گیا۔

بقیہ نمبر..............23

ایران نے پاکستان کو اپنی تکنیکی اور قانونی مہارت فراہم کرنے کی بھی پیشکش کی ہے تاکہ دونوں فریقین کیلئے مشترکہ کامیابی کی حکمت عملی اختیار کی جا سکے اور معاملہ انٹرنیشنل آربیٹریشن میں لیجانے سے گریز کیا جاسکے۔

بقیہ نمبر..............24

نسبت رواں ہفتے مری اور گلیات میں برفباری کے امکانات زیادہ ہیں، اس دوران مری، گلیات اور گرد و نواح میں موسم شدید سرد رہنے کا امکان ہے۔ ترجمان پی ڈی ایم اے نے بتایا کہ مری اور گلیات میں پیر سے بدھ تک موسم شدید سرد رہنے، بارش اور برفباری کا امکان ہے، اسی طرح جمعرات سے اتوار تک موسم شدید سرد رہنے کے ساتھ ہلکی بارش اور برفباری بھی متوقع ہے۔ واضح رہے کہ ملک کے مختلف حصوں میں بارش سے طویل خشک موسم بلآخر ختم ہوگیا ہے۔ ملکہ کوہسار مری میں بارش اور پہاڑوں پر برفباری کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے تو دوسری جانب کوئٹہ سمیت بلوچستان کے متعدد علاقوں میں بارشیں جاری ہیں۔

بقیہ نمبر..............25

میں خارجہ امور اور سلامتی کمیٹی کے سامنے اپنی تقریر کے دوران کہا کہ ان سرنگوں کو تباہ کرنے کا کام جنگ کے بعد غزہ کی پٹی کا انتظام کرنے والے فریق کی ذمہ داری ہوگی۔ غزہ کی 80 فیصد سرنگیں اب بھی برقرار ہیں۔ ہنگبی نے کہا کہ موجودہ مرحلے میں اسرائیل ان سرنگوں سے نہیں نمٹ سکے گا۔ انہوں نے ان سرنگوں کو غیر سٹریٹجک قرار دیتے ہوئے کہا کہ سرنگوں کو آئندہ کی انتظامیہ کو ختم کرنے کے لیے کام کرنا ہو گا ہنگبی نے کہا کہ فوج نے ان سرنگوں کو تباہ کر دیا ہے جنہیں اسٹریٹجک درجے میں رکھا گیا تھا۔ کنیسٹ کی خارجہ امور اور سلامتی کمیٹی کے ارکان نے ہنگبی کے بیانات پر ناراضگی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ انہیں یقین نہیں ہے کہ غزہ کی پٹی کا انتظام کرنے والی نئی انتظامیہ سرنگوں کو تباہ کرنے میں دلچسپی لے گی۔

بقیہ نمبر..............26

باعث احمد پور شرقیہ روڈ بھی بلاک ہوگیا جس سے ٹریفک کی آمدورفت متاثر ہوئی۔ ایران میں مزدوروں کے قتل پر لواحقین نیکراچی روڈ پر بھی احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین نے روڈ پر ٹائر بھی جلائے اور ٹریفک بلاک کر دیا۔ لواحقین نے کہا کہ میتوں کی واپسی کے انتظامات نہ کیے گئے تو احتجاج پر مجبور ہوئے ہیں۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ حکومت علی پور کے افراد کی لاشیں واپس لانے میں مدد کرے۔

بقیہ نمبر..............27

پولیس کے مطابق گاؤں میراں محمد شاہ میں نامعلوم افراد نے گھر میں داخل ہو کر فائرنگ کی۔ فائرنگ کے باعث 45 سالہ مسمات بچلا اور اس کا بھائی نیاز شاہ موقع پر جاں بحق اور 2 افراد زخمی ہو گئے۔ ملزمان واردات انجام دینے کے بعد با آسانی فرار ہو گئے۔ ایس ایس پی ٹنڈو محمد خان نے واقعے کا نوٹس لے کر تحقیقات شروع کر دیں۔

بقیہ نمبر..............28

نے کہا، کہ اس حملے میں تین امریکی فوجیوں کی ہلاکت شامی علاقے میں اردن کی سرحدوں کے قریب واقع ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ یہ حملہ اردن کی سرحد کے قریب شام کے اندر پیش آیا۔ یہ واقعہ اردن کے اندر نہیں ہوا ہے۔ اس حملے میں شام میں التنف بیس کو نشانہ بنایا گیا تھا۔

بقیہ نمبر..............29

اس وقت مسائل سے دو چار ہے۔ لاہور انارکلی میں ن لیگ کے جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نواز شریف کو بیٹے سے تنخواہ نہ لینے پر نااہل کیا گیا، نواز شریف قوم کا خدمت گزار ہے نواز شریف جب آتا ہے تو مہنگائی کم ہوتی ہے ملک ترقی کرتا ہے آٹا سستا ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا کسی سیاسی جماعت سے مقابلہ نہیں، ہم تو مئی والے ہیں 28 مئی والے لوگ ہیں دونوں تاریخوں میں بڑی تاریخ موجود ہے، جو ظلم اور جبر زیادتی ہمارے ساتھ ہوئی وہ کسی کے ساتھ نہیں ہوئی، اگر ہم آج بھی الیکشن لڑنا چاہتے ہیں تو صرف قوم کی خاطر، تکلیف ہے تو صرف مہنگائی کی، بجلی کے زائد بلوں کی، لاہور میں پانچ سال گھس بیٹھیے آگئے جنہوں نے لاہور کو تباہ کردیا۔ مریم نواز نے کہا کہ جب ہماری حکومت تھی تو لاہور میں ہر سال نیا منصوبہ آتا تھا اب یہاں کا کوئی پرسان حال نہیں، عوام مجھ سے وعدہ کریں کہ انتخابات میں کوئی گھر میں نہیں بیٹھے گا اور نواز شریف کو ووٹ ڈالیں گے۔

بقیہ نمبر..............30

خدشات کو دور کیا جائے گا۔ ایرانی وزیر خارجہ حسین امیر عبداللہیان کا کہنا تھا کہ ماضی میں دونوں ممالک کے درمیان کبھی علاقائی تنازع نہیں رہا۔ ہم پاکستان کی سلامتی اور خود مختاری کا احترام کرتے ہیں۔ پاکستان اور ایران میں دہشگردوں کو موقع نہیں دیں گے۔ ایرانی وزیر خارجہ کا مزید کہنا تھا کہ دہشت گردوں نے پاکستان اور ایران کو بہت نقصان پہنچایا ہے۔ تجارت کے فروغ کے لیے بارڈر فوری طور پر کھولنے کا فیصلہ کیا ہے نگراں وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی کا کہنا تھا کہ ایران اور پاکستان کے درمیان رابطے کے لیے تربت اور زاہدان میں رابطہ افسر مقرر کیے جائیں گے۔ ریاست کی خود مختاری اور احترام ضروری ہے۔ دہشت گردی دونوں ممالک کا مشترکہ مسئلہ ہے۔ ایران کے ساتھ اعلی سطح کے رابطے ہیں۔ جو غلط فہمی تھی اس پر قابو پالیا گیا ہے۔ پاکستان اور ایران نے امن اور عوام کی خوشحالی کے مشترکہ مقاصد حاصل کرنے کے لیے مل کر کام کرنے پر بھی اتفاق کیا۔ دونوں ممالک کا کہنا تھا کہ مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے باہمی احترام کو قائم رکھتے ہوئے اجتماعی کوششیں کرنا ہوں گی۔

بقیہ نمبر..............31

قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے کی۔ جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس مسرت ہلالی بینچ کا حصہ تھے۔ اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان اور پریس ایسوسی ایشن آف سپریم کورٹ کے عہدیدار روسٹرم پر موجود تھے۔ دوران سماعت چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسی نے اٹارنی جنرل سے سوال کیا کہ کتنے کیسز ہیں؟

بقیہ نمبر..............32

18ہزار 437 انتہائی حساس ہیں۔ پنجاب میں حساس اور انتہائی حساس پولنگ اسٹیشنز کی کل تعداد 18ہزار 620 (یا 40.42 فیصد) ہے، ان میں 12ہزار 580 کو حساس اور 6ہزار 40 کو انتہائی حساس قرار دیا گیا ہے، صوبے میں کل 50ہزار 944 پولنگ اسٹیشنز میں سے صرف 32ہزار پولنگ اسٹیشنز کو نارمل قرار دیا گیا ہے۔ سندھ میں 6 ہزار 545 پولنگ اسٹیشنز کو حساس اور 6ہزار 524 انتہائی حساس قرار دیے گئے ہیں،

بقیہ نمبر..............33

اسٹیٹ آئل (پی ایس او) کو امپورٹ پریمیم کی مد میں بھی زائد ادائیگی کرنی پڑی، حالانکہ ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر میں اضافہ ہوا۔ نتیجتاً ڈیزل کی قیمت میں 4 تا 6 روپے فی لیٹر اور پیٹرول 6.5 تا 9 روپے مہنگا ہوجائے گا، تاہم اس کا انحصار شرح تبادلہ کے حساب پر ہوگا، تاہم مٹی کے تیل اور لائٹ ڈیزل کی قیمتیں برقرار رکھے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ پیٹرول کی قیمت 3 ڈالر بڑھ کر 83 ڈالر سے 86.5 ڈالر فی بیرل ہوگئی، اسی طرح ڈیزل 2 ڈالر مہنگا ہوکر 95.6 ڈالر سے 97.5 ڈالر فی بیرل ہوگیا، اس کے برعکس امریکی کرنسی کے مقابلے میں روپے کی قدر تقریبا ایک روپے 50 پیسے بڑھی، اور جنوری کے نصف تک 281 کے برعکس 280 روپے پر آگئی۔ ذرائع کے مطابق پی ایس او کی جانب سے کارگو کے پریمیم میں 2 ڈالر کا اضافہ ہوا، پیٹرول کے لیے 4.2 ڈالر سے بڑھ کر 6.5 ڈالر فی بیرل اور ڈیزل کے لیے 7.5 ڈالر سے بڑھ کر 9.5 ڈالر فی بیرل ہوگیا۔ حکومت پہلے ہی پیٹرول اور ڈیزل دونوں پر پہلے ہی 60 روپے فی لیٹر ڈیولپمنٹ لیوی وصول کر رہی ہے، یہ قانون کے تحت زیادہ سے زیادہ حد ہے، عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) کے ساتھ کیے گئے وعدے کے تحت رواں مالی سال میں حکومت کا پیٹرولیم لیوی کی مد میں 869 ارب روپے وصول کرنے کا ہدف ہے، لیکن اسے جون کے آخر تک اس مد میں 920 ارب روپے سے زائد حاصل ہوں گے۔ پیٹرولیم مصنوعات اور بجلی کی قیمتوں کے سبب صارف قیمت انڈیکس (سی پی آئی) سے پیمائش کردہ مہنگائی دسمبر میں 29.7 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ پیٹرول کا زیادہ تر استعمال نجی ٹرانسپورٹ، چھوٹی گاڑیوں، رکشوں اور موٹرسائیکلوں میں ہوتا ہے، جس سے کم اور متوسط آمدنی والوں کے بجٹ پر براہ راست اثر پڑتا ہے، جبکہ ڈیزل کی قیمت کا مہنگائی پر زیادہ اثر ہوتا ہے، کیونکہ اس کا استعمال ہیوی ٹرانسپورٹ، ٹرینوں، زرعی انجنوں، جیسا کہ ٹرک، بسوں، ٹریکٹرز، ٹیوب ویلز اور تھریشرز میں ہوتا ہے، اور یہ خاص طور پر سبزیوں اور دیگر اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں اضافے کا سبب بنتا ہے۔ اگرچہ حکومت پیٹرولیم مصنوعات سے کوئی سیلز ٹیکس نہیں لے رہی تاہم اس نے دونوں مصنوعات پر 60 روپے فی لیٹر پیٹرولیم ڈیولپمنٹ لیوی عائد کر رکھی ہے۔

بقیہ نمبر..............34

میں ابھی کافی کام کرنا باقی ہے۔ اسرائیلی فورسز کی خان یونس میں فلسطینیوں پر اندھا دھند فائرنگ سے 2 فلسطینی نوجوان شہید اور متعدد زخمی ہوگئے۔ غزہ پر 7 اکتوبر 2023 سے جاری اسرائیلی حملوں میں اب تک 26ہزار 422 فلسطینی شہید اور 65ہزار سے زائد زخمی ہوچکے ہیں۔

بقیہ نمبر..............35

غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق وائٹ ہاؤس کی طرف سے یہ بیان ایک ایسے وقت میں سامنے آیا جب امریکی حکام کی جانب سے کہا گیا تھا کہ صدر جو بائیڈن کی انتظامیہ اسرائیل کو ہتھیاروں کی فروخت کو دباؤ کے طور پر استعمال کرنے پر غور کر رہی ہے تاکہ بنجمن نیتن یاہو کی حکومت کو غزہ میں فوجی کارروائیاں کم کرنے پر مجبور کیا جا سکے۔ قومی سلامتی کونسل کے ترجمان جان کربی نے کہا کہ اسرائیل کا حق اور فرض ہے کہ وہ حماس کے خطرے کے پیش نظر اپنا دفاع کرے۔ بین الاقوامی انسانی قانون کی پاسداری کرتے ہوئے اپنی حفاظت کرے۔ اپنے شہریوں کی جانیں بچائے۔

بقیہ نمبر..............36

چاہئیں اس چیز کو بھی دیکھا جانا چاہیے کہ جنگ بندی کا مطالبہ کرنے والوں کو فنڈنگ کہاں کہاں سے ہورہی ہے۔

بقیہ نمبر..............37

ملک تربیت حاصل کی تھی۔ یہ مجرمان عراقی کردستان کے راستے سے ایران میں داخل ہوئے اور صوبے اصفہان میں وزارت دفاع کی تنصیبات پر حملے کا منصوبہ بنا رہے تھے۔ چاروں مجرمان کی سزائے موت کے خلاف اپیل مسترد کیے جانے کے بعد ان کی سزائے موت پر عمل درآمد کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر..............38

کہا کہ ایم کیو ایم کی صورتحال شہر میں بہت خراب ہے، ایم کیو ایم نے جو کچھ کیا، ہر چیز کی ویڈیو موجود ہے، ویڈیوز میں واضح ہورہا ہے کہ یہ واقعہ کس طرح پیش آیا۔ سعید غنی نے کہا کہ مصطفیٰ کمال کھلے عام لڑنے جھگڑنے کا کہہ رہے ہیں۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ ایم کیو ایم پاکستان ہمارے ورکرز کو دھمکیاں دے رہی ہے، مختلف علاقوں میں الیکشن مہم چلانے نہیں دی جا رہی، ملیر نارتھ کراچی میں ہمارے سارے جھنڈے اور بینرز اتارے جارہے ہیں۔

بقیہ نمبر..............39

کی ہلاکتوں کی تعداد 26ہزار سے زیادہ ہونے کے باوجود جنگ بندی میں ناکامی کی وجہ سے مسلمان اور عرب ووٹران سے مایوس ہیں۔ امریکی ٹی وی کے مطابق اس سے بھی بڑھ کر ڈیموکریٹک پارٹی کی کچھ حکمت عملیوں نے خبردار کیا کہ امریکی صدر کو ایسے نمائندوں یا ثالثوں کو تلاش کرنے میں دشواری ہوسکتی ہے جو اہم ووٹر گروپوں جیسے کہ مسلمان اور عرب امریکیوں اور بہت سے ترقی پسندوں سے بات کرنے کے لیے تیار ہوں جو ان کی خارجہ پالیسی سے شدید ناراض ہیں۔ ایسا لگتا ہے کہ انتظامیہ عرب اور مسلم امریکی نمائندوں کو تلاش کرنے کے لیے جدوجہد کر رہی ہے جو وائٹ ہاؤس کے حکام سے بھی ملاقات کے لیے تیار ہیں۔ کئی مقامی رہنماؤں نے بائیڈن کی انتخابی مہم کے مینیجر جولی شاویز روڈریگز سے ملاقات کی دعوتوں کو مسترد کر دیا۔ ڈیئربورن میئر عبداللہ حمود، شہر کے پہلے عرب امریکی اور مسلم میئر جو ملک کی سب سے بڑی مسلم آبادیوں میں سے ایک کی نمائندگی کرتے ہیں نے کہا کہ انہوں نے ان سے ملنے سے انکار کر دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ انتخابی سیاست کا وقت نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضروری ہوجاتا ہے۔ پالیسی سازوں کے ساتھ بات چیت کی جانی چاہیے انتخابی مہم کے عملے کے ساتھ نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر صدر جو بائیڈن آنا چاہتے ہیں اور اپنی خارجہ پالیسی کے طریقہ کار کو تبدیل کرنے کے بارے میں حقیقی بات چیت کرنا چاہتے ہیں، انہوں نے غزہ میں جنگ بندی کے مطالبے کے بارے میں جو فیصلے کیے ہیں، تو ہم ان سے مل سکتے ہیں اور اس سے لطف اندوز ہوسکتے ہیں۔

بقیہ نمبر..............40

جنرل جانباز خان نے بھی تقریب میں خصوصی شرکت کی۔ وزیراعلی محسن نقوی نے ایم او یو پر دستخط کے ونکوور میں موجود وزارتی وفد کو اپنے خصوصی پیغام میں مبارکباد دی اور کہا کہ پنجاب سے کینیڈا افرادی قوت بجھوانے کا ایم او یو معاشی ترقی کے نئے سفر کا آغاز ہے۔ پاکستان ویسٹرن کینیڈا ٹریڈ ایسوسی ایشن کی پنجاب سے کینیڈین صوبوں برٹش کولمبیا اور البرٹو کے لئے لیبر بجھوانے کی درخواست کی گئی تھی اور مشترکہ مفاد کے لیے مذہبی اور تعلیمی سیاحت کو فروغ دینے کے لیے تعاون پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ نمبر..............41

شامی سرحد کے قریب ڈرون حملے میں 3 امریکی فوجی ہلاک اور 30 زخمی ہوگئے تھے۔ امریکی میڈیا کے مطابق حملہ شمال مشرقی اردن میں شامی سرحد کے قریب واقع ایک فوجی اڈے میں رہائشی کوارٹرز کے قریب کیا گیا۔

بقیہ نمبر..............42

بتایا گیا ہے کہ تولیوں کی کھیپ میں ٹرامادول کی 234000 گولیاں چھپائی گئی تھیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سمندری کسٹمز کے سینئر افسران نے تولیوں کی کھیپ میں چھپائی گئی ٹراموڈول گولیوں کا چیکنگ کے دوران آلات کی مدد سے پتا لگایا۔ چیکنگ کا یہ عمل جبیل علی اور ٹیکوم کے سمندری کسٹم افسران کی طرف سے کیا گیا ہے۔ دبئی کسٹمز کے ڈائریکٹر جنرل احمد محبوب مصبح کا کہنا تھا کہ منشیات کی سمگلنگ اور اس سے منسلک خطرات سے نمٹنے کے لیے دبئی کسٹمز ایک اعلی مثال بن گیا ہے۔ انہوں نے کہا کسٹم افسران کی کارکردگی قابل فخر ہے۔ سمندری کسٹم مینجمنٹ کے قائم مقام ڈائریکٹر راشد الذہبہ السویدی کا کہنا تھا کہ سمندری کسٹم مراکز میں موجود آلات کی مدد سے سمگلنگ کی کوششوں کو ناکام بنایا جاتا ہے۔ عملے کی تربیت اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال پر توجہ رہتی ہے۔

بقیہ نمبر..............43

کا کہنا تھا کہ میں نے فلسطینیوں کے تحفظ اور غزہ میں ہونے والی نسل کشی کو روکنے کے لیے اقدامات کا کہا تھا۔ اسرائیلی صدر کا کہنا تھا کہ 12 اکتوبر کو ہونے والی نیوز کانفرنس میں سے صرف اس بات ایک پوری قوم اس قتل عام کی ذمہ دار ہے کو لیا گیا ہے جبکہ اس بات کو نظر انداز کردیا گیا کہ معصوم شہریوں کو قتل کرنے کا کوئی عذر نہیں ہے اور اسرائیل جنگ کے بین الاقوامی قوانین کا احترام کرے گا۔ اسرائیلی صدر اسحاق ہرزوگ نے مزید کہا کہ مجھے ناگوار گزرا ہے کہ میرے الفاظ کو توڑ مروڑ کر پیش کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر..............44

میں کشیدگی پر رابطے میں ہیں۔ امریکی محکمہ خارجہ نے کہا کہ خطے کے دیگر ممالک حوثیوں کے خلاف ٹاسک فورس میں شامل ہوں تو خوش آمدید کہیں گے، امریکا اور اس کے اتحادیوں کو یمن کے عوام کی مشکلات کا احساس ہے۔ مارگریٹ میکلاڈ نے کہا کہ حوثی باغیوں کے خلاف حکمت عملی جارحانہ نہیں ہے، جبکہ امریکا نے حوثیوں کے ٹھکانوں پر حملے کو دفاعی قرار دے دیا۔ امریکا کا کہنا ہے کہ حوثی باغیوں کے حملوں سے پورے خطے کی تجارت متاثر ہورہی ہے، اسرائیل سمیت خطے کے تمام ممالک کو غذائی قلت سے بچانا چاہتے ہیں۔ مارگریٹ میکلاڈ نے کہا کہ بحری جہازوں کی آمد و رفت کو محفوظ بنانے کیلئے یمنی گروپ کے خلاف آپریشن کر رہے ہیں، خطے کے تمام ممالک بشمول پاکستان کو امریکا اور برطانیہ کی نئی ٹاسک فورس کے تحت قائم کیے جانے والے خوشحالی محافظ آپریشن کا ساتھ دینا چاہیے۔ امریکا کا کہنا ہے کہ حوثیوں کو ہتھیار اور اسرائیلی جہازوں کی اطلاعات ایران فراہم کررہا ہے، ایرانی حکومت کی پالیسیاں عام ایرانی عوام کے لیے مشکلات کا باعث ہیں۔ امریکی محکمہ خارجہ کی ترجمان نے مزید کہا کہ ایرانی حکومت مشرق وسطی میں اشتعال انگیز اور عدم استحکام کی کارروائیاں بند کرے۔

بقیہ نمبر..............45

اڈے پر امریکی افواج کو نشانہ بنایا گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق آسٹن نے امریکی محکمہ دفاع (پینٹاگون) کی طرف سے ایک بیان میں کہا کہ ہم حملوں کو برداشت نہیں کریں گے اور اپنی افواج اور مفادات کے دفاع کے لیے تمام اقدامات کریں گے۔ اس طرف اشارہ کرتے ہوئے کہ شمال مشرقی اردن میں اڈے پر حملے میں امریکی افواج اور بین الاقوامی اتحاد کے دیگر افراد کو نشانہ بنایا گیا تھا، انہوں نے مزید کہا کہ خطے میں امریکی افواج پر جاری حملوں کے پیچھے ایران کی حمایت یافتہ مسلح گروہ ہیں۔

بقیہ نمبر..............46

مارکیٹ اور مقامی موبائل انڈسٹری کی مضبوطی کے علاوہ زرمبادلہ کے ذخائر پر بوجھ میں کمی کی عکاسی ہوتی ہے۔ گوادر پرو کے مطابق اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستانی نیٹ ورک پر کام کرنے والی ڈیوائسز میں 59 فیصد جی ایس ایم، 41 فیصد اسمارٹ فونز ہیں۔

بقیہ نمبر..............47

سپریم کورٹ نے ڈپٹی اسپیکر رولنگ کیس کے فیصلے کے خلاف اسد قیصر کی نظر ثانی درخواست خارج کردی۔ بانی پی ٹی آئی کی حکومت کے خلاف تحریک عدم اعتماد پر اسپیکر رولنگ کیس کی سماعت جسٹس منصور علی شاہ کی سربراہی میں 5 رکنی لارجر بینچ نے کی، اس بینچ میں جسٹس منیب اختر، جسٹس اطہر من اللہ، جسٹس امین الدین خان اور جسٹس جمال مندوخیل شامل تھے۔ سابق وزیراعظم عمران خان نے عدالت میں درخواست واپس لینے کی استدعا کردی۔

بقیہ نمبر..............48

بھر میں 128 ملین سے زائد ووٹرز اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں گے جبکہ انتخابات میں سیاسی جماعتوں کے علاوہ آزاد امیدواروں کی بڑی تعداد بھی حصہ لے رہی ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق شہری پولنگ سے متعلق شکایت کے لیے واٹس ایپ نمبر 5050610-0327 کا استعمال کرسکتے ہیں جبکہ قوت گویائی اور سماعت سے محروم افراد ویڈیو کے ذریعے اپنی شکایات پیش کر سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں ای سی پی نے آئندہ عام انتخابات سے متعلق ووٹرز کی شکایات کے ازالے کے لیے الیکشن مانیٹرنگ اینڈ کمپلینٹ سینٹر (ای ایم سی سی) قائم کیا ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق واٹس ایپ کے علاوہ complaints@ecp.gov.pk ای میل ایڈریس اور ہیلپ لائن 111-327-000 پر بھی اپنی شکایت ارسال کرسکتے ہیں۔ الیکشن کمیشن نے شکایات کے اندراج اور ان کے حل کے لیے اپنے سیکریٹریٹ کے ساتھ ساتھ صوبائی، ڈویژنل اور ضلعی سطح کے دفاتر میں بھی کنٹرول روم قائم کیے ہیں جہاں سوشل میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا مانیٹرنگ کی سہولت بھی موجود ہے۔ عوام تمام مراکز میں انتخاب سے متعلق اپنی شکایات رجسٹر کرواسکتے ہیں۔ تمام مراکز پر مسائل کے فوری حل کے لیے تربیت یافتہ عملہ مقرر کیا گیا ہے۔ ای سی پی نے عوام سے بھی درخواست کی ہے کہ اپنے حلقے میں کسی بھی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کو دیکھیں تو فوٹیج فوری طور پر شیئر کریں تاکہ فوری کارروائی کی جاسکے۔

Munir Ahmed Dar "Publisher & Chief Editor" Weekly "Layalpur Post" Canada, 418 Coxwell Ave, Toronto Ontario Canada M4L3B7
Canada: Cell: 416-731-3739: 437-237-1014, Email: layalpurpost@gmail.com, munirdar41@gmail.com, munirdar41@yahoo.com

Rg.No.
1546653-9
ٹورنٹو (کینیڈا) سے شائع ہونے والا کثیر الاتعداد اور حکومت کینیڈا سے منظور شدہ اخبار
www.layalpurpost.com
ہفت روزہ
لائلپور پوسٹ
چیف ایڈیٹر پبلشر
منیر احمد ڈار
ایڈیٹر: رفعت منیر ڈار
جلد نمبر 1
منگل، 30 جنوری 2024ء، 18 رجب المرجب 1445ھ، 18 ماگھ 2080 ب م
شمارہ نمبر 13

نچلی کمر کے درد کا علاج وقت کیساتھ مشکل ہوجاتا ہے، تحقیق

ایڈیلیڈ: اگرچہ زیادہ ترکیسز میں نچلی کمر کا درد تقریباً 6 ہفتوں میں ختم ہو جاتا ہے تاہم محققین نے خبردار کیا ہے کہ جب درد طویل عرصے تک برقرار رہے تو اسکا علاج رفتا رفتا انتہائی مشکل ہوجاتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کیمطابق ماہرین کی ایک بین الاقوامی ٹیم نے 95 سابق مطالعات کا جائزہ لیا جس میں انہوں نے 6 ہفتے، 12 ہفتے اور 12 ہفتوں سے زائد کمر کے نچلے حصے میں ہورہے درد کا موازنہ کیا۔ ایڈیلیڈ یونیورسٹی آف ساتھ آسٹریلیا میں فزیوتھراپی اور درد کے انتظام کے پروفیسر لوریمر موسلی نے بتایا کہ نتائج سے یہ واضح ہوا ہے کہ کمر میں لگی چوٹ ٹھیک ہونے کے بعد بھی کمر کا درد برقرار رہ سکتا ہے کیونکہ ایسی صورت میں درد کا تعلق جسم کے درد کے نظام کی حساسیت سے منسلک ہوتا ہے نہ کہ چوٹ سے۔ جب آپ کو کمر کا درد کچھ مہینوں تک رہتا ہے تو آپ ٹھیک ہو سکتے ہیں لیکن ایک بار جب آپ کو کئی مہینوں تک کمر کا درد رہے تو ٹھیک ہونے کے امکانات بہت کم ہوجاتے ہیں۔ واضح رہے کہ دنیا بھر میں 570 لاکھ سے زیادہ لوگ کمر کے درد میں مبتلا ہیں۔ صرف امریکا میں 1996 اور 2016 کے درمیان اس کے علاج کا بل 134.5 ارب ڈالر تک ریکارڈ کیا گیا ہے اور اب بھی اس پر آنیوالی لاگت میں اضافہ ہورہا ہے۔

دماغ کے کینسر کی تشخیص کیلیے خون کے نئے ٹیسٹ کی آزمائش

لندن: برطانوی محققین خون کے ایک ایسے ٹیسٹ کی آزمائش کررہے ہیں جو دماغ کے کینسر کی مختلف اقسام کی تشخیص میں مدد فراہم کرسکے گا۔ ماہرین کے مطابق یہ معمولی سا ٹیسٹ دماغ کی رسولیوں کی تشخیص کیلیے کی جانیوالی پرخطر سرجری کی ضرورت کو کم کرنے میں مدد دے گا۔ انٹرنیشنل جرنل آف کینسر میں شائع ہونے والی تحقیق میں ماہرین کا کہنا تھا کہ یہ ٹیسٹ دماغ کے کینسر کی سب سے مہلک قسم کی جلد تشخیص کرنے کیساتھ علاج میں تیزی اور بقا کی شرح میں ممکنہ بہتری لانے میں مدد دے سکے گا۔ دماغ کی رسولیوں کے ماہرین نے ٹیسٹ کے متعلق اس خبر کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ ٹیسٹ سستا ہے اور اسپتالوں میں باآسانی متعارف کرایا جاسکے گا۔ ماہرین کے مطابق مائع بائیوپسی خاص طور پر ان مریضوں کے لیے مفید ثابت ہوگی جن کے دماغ میں ایسی رسولیاں ہوں گی جن تک رسائی نہیں ہوگی۔ یہ ٹیسٹ ان افراد کا علاج جلد شروع کرنے میں مدد دے سکے گا۔ امپیریئل کالج لندن اور امپیریئل کالج ہیلتھ کیئر این ایچ ایس ٹرسٹ کے تحت چلنے والے برین ٹیومر ریسرچ سینٹر آف ایکسیلنس سے تعلق رکھنے والے محققین نے اپنے ابتدائی مطالعے اس متعلق کیے کہ آیا یہ ٹیسٹ گلائل رسولیوں کی درست تشخیص کرسکتا ہے یا نہیں۔ ان رسولیوں میں سب سے عام قسم کی رسولی گلائیو باسٹوما (جی بی ایم)، آسٹرو سائٹوماس اور اولیگو ڈینڈروگلیوماس شامل ہیں۔

ٹھنڈے پانی سے نہانے کے صحت بخش فوائد

سرد موسم میں ٹھنڈے پانی سے نہانا بظاہر تکلیف دہ لگتا ہے تاہم سائنس ہمیں بتاتی ہے کہ ٹھنڈے پانی سے نہانا درحقیقت متعدد صحت بخش فوائد کا حامل ہے جو کہ درجہ ذیل ہیں: بہتر خون کی گردش: ٹھنڈے پانی کی نمائش خون کی گردش کو تیز کرتی ہے جو کہ جسم کے اہم اعضا میں خون کے بہاؤ کو بہتر کرتا ہے اور جسم میں سردی کیخلاف مزاحمت کو بہتر بناتا ہے۔ مدافعتی نظام: کچھ مطالعات سے پتہ چلتا ہے کہ ٹھنڈے پانی کی نمائش مدافعتی نظام کو اور زیادہ فعال کردیتی ہے۔ یہ مدافعتی خلیوں (WBCs) کی پیداوار کو بھی بڑھاتی ہے۔ بیداری: ٹھنڈا پانی

وزن میں کمی ٹائپ 2 ذیابیطس کو حتی الامکان کم کرسکتی ہے



ہانگ کانگ: ایک نئی تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ ٹائپ 2 ذیابیطس میں مبتلا مخصوص افراد صرف اپنا وزن کم کرتے ہوئے بیماری کا علاج کرسکتے ہیں۔ تحقیق کے مطابق وہ افراد جو بیماری کے پہلے برس زیادہ وزن کم کرپاتے ہیں ان کے اس کیفیت کو کم کرنے کے امکانات سب سے زیادہ ہوتے ہیں۔ تحقیق کے نتائج بتاتے ہیں کہ وزن کو قابو کرتے ہوئے ٹائپ 2 ذیابیطس کو قابو کرنا ممکن ہے لیکن چند ہی افراد طویل مدت تک وزن کو قابو کرتے ہوئے خون میں گلوکوز کی مقدار کو برقرار رکھ سکتے ہیں۔ محققین کے مطابق تحقیق اس بات کی جانب اشارہ کرتی ہے کہ مریضوں کو ابتدا میں وزن قابو کرنے کے لیے علاج متعارف کرائے جانے چاہیئے تاکہ ان کے خون میں شوگر کی مقدار قابو میں رکھی جا سکے اور مریض علاج سے دور رہ سکیں۔ ماضی کی مطبی آزمائشوں میں بتایا گیا تھا کہ ٹائپ 2 ذیابیطس کے مریض اگر اپنے وزن کو قابو میں رکھیں تو ادویات کے بغیر خون میں گلوکوز کی سطح کو قابو کرسکتے ہیں۔ تاہم، یہ معلوم نہیں کہ ایسے کتنے لوگ ہیں جو وزن قابو کرتے ہوئے اس نہج تک پہنچ سکیں گے کہ ان کے خون میں شوگر کی سطح نارمل ہوجائے اور ان کا ادویات کا استعمال ختم ہوجائے۔ اس نئی تحقیق میں محققین نے ہانگ کانگ سے تعلق رکھنے والے ایسے 37 ہزار 326 افراد کا معائنہ کیا جن میں حال ہی میں ٹائپ 2 ذیابیطس کی تشخیص ہوئی تھی، تاکہ یہ جانا جا سکے کہ آیا مریض وزن کم کرتے ہوئے بیماری کو قابو کرسکتے ہیں اور ایسا کب تک کیا جاسکتا ہے۔ پی ایل او ایس میڈیسن میں شائع ہونے والی تحقیق میں معلوم ہوا کہ صرف چھ فی صد افراد ایسے ہیں جو وزن پر قابو پر قابو پا کر بیماری کی تشخیص کے بعد آٹھ سال تک بغیر دوا کے صحت مند رہ سکتے ہیں۔

روزانہ تین کپ چائے بڑھاپے کی رفتار کم کرسکتی ہے، تحقیق

چینگڈو: ایک تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ روزانہ تین کپ چائے پینے سے بڑھاپا آنے کی رفتار کو کم کیا جا سکتا ہے۔ چینی محققین کے مطابق سیاہ اور سبز چائے میں موجود پولی فینولز، تھیانائن اور کیفین جیسے صحت مند کیمیا خلیوں کو پہنچے نقصان کو کم کرتے ہوئے اعضا کو طویل مدت تک فعال رکھ کر عمر بڑھنے کے عمل پر مثبت اثرات مرتب کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتے ہیں۔ تحقیق میں سب سے زیادہ فوائد ان افراد میں دیکھے گئے جو مستقل چائے پینے والے تھے لیکن لوگوں کا یہ عادت اپنا کر صحت کو بہتر کرنا بھی مشاہدے میں آیا۔ سچوان یونیورسٹی سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹر ژی شیا نگ کے مطابق محققین کو تحقیق میں مشاہدہ ہوا کہ روزانہ تین کپ چائے کی کھپت بڑھاپے کیخلاف فوائد فراہم کرسکتا ہے جسکی وجہ چائے میں متعدد بائیو ایکٹیو مرکبات کا موجود ہونا ہے۔ اس سے قبل کی جانے والی تحقیق میں بتایا گیا تھا کہ چائے پینے سے ذیابیطس اور قلبی مرض کے خطرات میں کمی لائی جاسکتی ہے۔ چائے میں پولی فینولز نامی مرکبات پائے جاتے ہیں جو طاقتور اینٹی آکسیڈنٹس ہوتے ہیں اور یہ کینسر اور ڈیمینشیا جیسی اعصابی بیماریوں سے بچنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ ایلزیوییر جرنل میں شائع ہونے والی تازہ ترین تحقیق میں دیکھا گیا کہ یہ مشروب کس طرح عمر درازی کے عمل کو متاثر کرتا ہے۔ تحقیق میں محققین نے برطانیہ سے تعلق رکھنے والے 37 سے 73 برس کی عمر کے 5998 افراد جبکہ 30 سے 79 برس کے درمیان 7931 چینی افراد کے ڈیٹا کا مطالعہ کیا۔

انرجی ڈرنکس اور بچوں میں نفسیاتی مسائل کے درمیان تعلق کا انکشاف

نیوکاسل: ایک نئی تحقیق میں معلوم ہوا ہے کہ انرجی ڈرنکس بچوں میں بے چینی، ذہنی تناؤ، ڈپریشن سمیت تشدد اور نشے جیسے رویوں کے خطرات میں اضافے سے تعلق رکھتی ہیں۔ برطانیہ کی نیوکاسل یونیورسٹی کے محققین کے مطابق مطالعے میں انرجی ڈرنکس کی کھپت میں اضافے کا تعلیمی کارکردگی، نیند کے مسائل اور غیر صحت بخش غذائی عادات سے بھی تعلق دیکھا گیا۔ تحقیق کی شریک مصنفہ ڈاکٹر شیلینا وِسرام کا کہنا تھا کہ تحقیق میں حاصل ہونے والے نتائج سے محققین سنگین تشویش میں مبتلا ہیں جس کے مطابق انرجی ڈرنکس نفسیاتی دبا اور ذہنی صحت کے ساتھ مسائل کا سبب بن سکتی ہیں۔ یہ عوامی صحت کے اہم مسائل ہیں جن پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر شیلینا نے کہا کہ وقت آگیا ہے کہ سافٹ ڈرنک کی تیزی سے پھیلتی مارکیٹ کے متعلق اقدامات کیے جائیں۔ محققین نے برطانوی حکومت پر زور دیا ہے کہ 16 سال سے کم عمر بچوں کو انرجی ڈرنکس کی فروخت کے خلاف اقدامت کرے کیوں کہ کم عمر افراد کو یہ مشروبات پانی سے بھی زیادہ سستے داموں میسر ہیں۔ تحقیقی ریویو میں سائنس دانوں نے 57 مطالعوں سے حاصل ہونیوالے صحت کے ڈیٹا کا جائزہ لیا۔ ان مطالعوں میں 21 سے زائد ممالک کے 12 لاکھ بچے اور نوجوان شامل ہوئے۔ سائنس دانوں نے تحقیق میں دیکھا کہ 18 سے 35 برس کے درمیان افراد جو روزانہ انرجی ڈرنکس پیا کرتے تھے ان کے نیند کے دورانیے میں کبھی نہ پینے والے یا کبھی کبھی پینے والے افراد کی نسبت نصف گھنٹے تک کی کمی واقع ہوئی تھی۔ کیفین اور چینی سے بھرپور ان مشروبات کے متعلق محققین کو معلوم ہوا کہ لوگ جتنی زیادہ انرجی ڈرنکس پیتے ہیں اتنی کم مقدار میں نیند لیتے ہیں۔

بچوں کو آن لائن ہراسانی سے بچایئے



سوشل میڈیا کے دور میں بچوں کو اجنبیوں سے دور رکھنا ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہوگیا ہے۔ بچوں سے زیادہ تو بڑے آج کل سوشل میڈیا سے چپکے رہتے ہیں۔ ہمیں اس سوشل میڈیا کی دنیا، جو کہ باہر سے بہت خوبصورت اور دلکش نظر آتی ہے، کے صرف فائدے ہی فائدے نظر آتے ہیں جبکہ حقیقت اس کے بالکل برعکس ہے۔ سوشل میڈیا کی دنیا خطرات سے پر ہے۔ ہمیں اس مصنوعی دنیا میں آن لائن فراڈ، آن لائن ہراسمنٹ، بلیک میلنگ اور ٹرولنگ کا سامنا بھی رہتا ہے۔ سوشل میڈیا کے خطرات سے بچنے کیلیے ضروری ہے کہ ہم اس کے استعمال کا درست طریقہ نہ صرف خود سیکھیں بلکہ اپنے بچوں کو بھی اس سے آگاہ کریں تاکہ ہم آنے والے دنوں میں بہت سی الجھنوں سے بچ سکیں۔ سوشل میڈیا کی دنیا خودنمائی یا نمائش کی دنیا ہے۔ یہاں ہر کوئی وہ دکھانا چاہتا ہے جو وہ ہے ہی نہیں۔ تعریف وستائش کے چکر میں کئی لوگ اپنے بچوں کی کامیابی کی تصاویر، ان کے اسکول کے ایڈریس، فون نمبر وغیرہ تک لکھ دیتے ہیں۔ اسکول یونیفارمز میں بچوں کی تصاویر جرائم پیشہ افراد کیلیے حاصل کرنا اور پھر ان سے بچوں یا ان کے والدین کو بلیک میل کرنا بہت آسان ہوجاتا ہے۔ اس لیے کبھی بھی بچوں کے اسکول ایڈریس، فون نمبرز، مکانات اور دکان کے ایڈریس وغیرہ سوشل میڈیا کی کسی بھی سائٹ پر لکھنے سے گریز کریں، حتی کہ کئی افراد بچوں کے رزلٹ کارڈ بھی فیس بک وغیرہ پر اپ لوڈ کردیتے ہیں، جو کہ حماقت کے سوا کچھ نہیں۔ ہمیشہ نہ صرف بچوں بلکہ اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کیلیے مضبوط ترین پاس ورڈز کا استعمال یقینی بنائیں۔ ان میں اعداد، حروف تہجی، اور مختلف سائن وغیرہ شامل ہونے چاہئیں تاکہ ان پاس ورڈز کو ہیک کرنا مشکل ہو اور آپ اور آپ کے بچوں کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس محفوظ رہیں۔ بچوں کیلیے ایسی ویب سائٹس تلاش کیجیے جو ان کی عمر کے مطابق ہوں، ان میں کوئی قابل اعتراض مواد شامل نہ ہو۔ وہ ویب سائٹس وائرس سے محفوظ ہوں اور اس سے بچے کو کسی قسم کی ہراسگی کا سامنا نہ کرنا پڑے اور نہ ہی آپ کو بچوں کے سامنے کوئی سبکی اٹھانا پڑے۔ آپ کے بچوں کو صرف جاننے والے افراد کے ساتھ بات چیت کی اجازت ہونی چاہیے۔ وقتاً فوقتاً یہ دیکھتے رہیے کہ بچے کن لوگوں سے چیٹ کررہے ہیں اور کیا بات کررہے ہیں؟ یا انھیں ملنے والے پیغامات یا چیٹ کس نوعیت کی ہے۔ اس طرح بچوں کی سرگرمیوں پر نظر رکھ کر انھیں آن لائن ہراسمنٹ سے بچایا جاسکتا ہے۔ بچوں کو آن لائن اخلاقیات سکھانے سے پہلے یہ ضروری ہے کہ آپ بھی آن لائن گفتگو کرنے کے باوقار طریقوں سے آگاہ ہوں۔ آپ کو علم ہو کہ کس صورتحال میں کس طرح کے جذبات یا ردعمل کا اظہار کرنا ہے۔ بچے عموماً بہت جذباتی ہوتے ہیں، وہ کسی بھی پوسٹ پر کسی بھی کمنٹ سے غصے میں بھی آسکتے ہیں اور جواب میں کوئی سخت جواب بھی لکھ سکتے ہیں۔ بچوں کے غصے اور جذباتی پن کا اجنبی افراد بہت فائدہ اٹھاتے ہیں اور بچے کیلیے مشکلات پیدا کرسکتے ہیں۔ کوشش یہ کرنی چاہیے کہ بچوں کو صبروتحمل اور اخلاقیات سکھائی جائیں اور یہ ضروری نہیں کہ ہر کمنٹ یا پوسٹ پر کمنٹ کرنا ضروری ہو، اکثر کمنٹس کرنے سے ہی بحث طوالت اختیار کرجاتی ہے، لہٰذا بچوں کو سمجھایئے کہ انھیں ایسے حالات میں کس طرح مخاطب کو نظرانداز کرنا ہے تاکہ انھیں کسی قسم کی دھمکیاں نہ مل سکیں۔ آپ کو بعض اوقات علم نہیں ہوتا کہ آپ کی لسٹ میں شامل کوئی بھی شخص کس ماحول سے تعلق رکھتا ہے یا وہ آپ کی دی ہوئی معلومات کو کسی غلط طریقے سے بھی استعمال کرسکتا ہے۔ اس لیے ذاتی تصاویر اور ذاتی معلومات زیادہ سے زیادہ شیئر کرنے سے گریز کیجیے۔ آن لائن ہراسگی کی صورت میں بجائے خود کوئی قدم اٹھانے کے سائبر کرائم سیل سے فوری طور پر رجوع کرنا چاہیے اور اپنے آپ کو محفوظ بنانا چاہیے۔ سب سے آخر میں سب سے اہم بات یہ ہے کہ بچوں کیلیے اسکرین ٹائم محدود کیجیے۔ بچوں کے اکاؤنٹ پر کوئی بھی مشکوک سرگرمی دیکھیں تو اس کو فوری طور پر رپورٹ کریں۔ بچوں کو سختی سے منع کیا جائے کہ کوئی بھی لنک شیئر کرنے یا کلک کرنے سے گریز کریں۔ سوشل میڈیا کی زندگی میں احتیاط ایک واحد چیز ہے جو ہمیں اور ہمارے بچوں کو ہراسگی سے محفوظ رکھ سکتی ہے۔ اس بناوٹی دنیا میں بہت کم اچھا اور زیادہ تر خطرناک ہے، لہذا محتاط رہنا بہت ضروری ہے۔

Show Biz
شوبز کارنر

کراچی کے ابتر حالات پر نادیہ حسین مایوس

میرا شہر کراچی، ایک بدبودار خونی کوڑا اور ساتھ ہی انہوں نے مایوسی کا اظہار بھی کیا

کراچی (شوبز رپورٹر) شہر قائد میں مسائل کے انبار نے پاکستانی اداکارہ اور ماڈل نادیہ حسین کو بھی مایوس کردیا۔ سوشل میڈیا سائٹ انسٹاگرام پر اداکارہ نادیہ حسین نے اپنی پوسٹ میں کراچی کے حالات پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا کہ میرا شہر کراچی، ایک بدبودار خونی کوڑا، ساتھ ہی انہوں نے دو ٹوٹے ہوئے سرخ دل والے ایموجیز کیساتھ اپنی مایوسی کا بھی اظہار کیا۔ پوسٹ کے کیپشن میں نادیہ حسین نے اپنے فالوورز کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کون مجھ سے متفق ہے؟ جس پر بیشتر صارفین نے کراچی کی بدحالی پر ان کی رائے سے اتفاق کیا۔

صبا فیصل پاکستان شوبز انڈسٹری کی ٹیوب لائٹ ہیں

میں نے کبھی بھی ڈیزائنرز کے کپڑے نہیں پہنے : اسما عباس سینئر اداکارہ

لاہور (شوبز رپورٹر) پاکستان کی سینئر اداکارہ اسما عباس نے کہا ہے کہ صبا فیصل کا چہرہ ہمیشہ چمک رہا ہوتا ہے جسکی وجہ سے سب انہیں انڈسٹری کی ٹیوب لائٹ کہتے ہیں۔ حال ہی میں اسما عباس نے نجی ٹی وی چینل کے مزاحیہ پروگرام میں بطورِ مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے کپڑوں کے اپنے برانڈ سمیت صبا فیصل کی خوبصورتی کے بارے میں بات کی۔ اسما عباس نے کہا کہ انکا کپڑوں کا ایک برانڈ ہے جو انہوں نے اپنے شوق کی خاطر بنایا اور انکے برانڈ کے کپڑے اتنے سستے ہوتے ہیں کہ ہر طبقے کی خواتین باآسانی خرید سکتی ہیں۔ انہوں نے کبھی بھی ڈیزائنرز کے کپڑے نہیں پہنے کیونکہ انہیں کسی کے کپڑے مانگ کر پہننا پسند نہیں، وہ اپنے برانڈ کے کپڑے خود ہی ڈیزائن کرتی ہیں اور پھر ان کپڑوں کی سلائی بھی خود ہی کرتی ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں اسما عباس نے کہا کہ انکی نظر میں مصنوعی خوبصورتی کی طرف جانا غلط نہیں لیکن اس قدر بھی انجکشن اور بوٹکس وغیرہ نہیں کروانے چاہیے کہ انسان کا اپنا اصل چہرہ ہی تبدیل ہوجائے اور وہ مائیکل جیکسن بن جائے اسما عباس نے کہا کہ صبا فیصل نے مصنوعی خوبصورتی کا استعمال کیا ہے لیکن انہوں نے حد میں رہ کر مصنوعی خوبصورتی کیلیے سرجری وغیرہ کروائیں

سرجری نہ ہوتی تو ایک ہاتھ سے معذور ہوجاتا، سیف

سیف علی خان نے ممبئی کے کوکیلا بین اسپتال میں اپنے ہاتھ کی سرجری کروائی

ممبئی (شوبز رپورٹر) بالی ووڈ کے نواب اسٹار سیف علی خان نے انکشاف کیا ہے کہ اگر وہ بروقت اپنے ہاتھ کی سرجری نہیں کرواتے تو ایک ہاتھ سے معذور ہوسکتے تھے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق حال ہی میں سیف علی خان نے ممبئی کے کوکیلا بین اسپتال میں اپنے ہاتھ کی سرجری کروائی جس کے بعد وہ اسپتال سے ڈسچارج بھی ہوگئے ہیں۔ سرجری کے بعد بھارتی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سیف علی خان نے کہا کہ میرے ہاتھ میں کافی عرصے سے تکلیف تھی لیکن مجھے یہ نہیں معلوم تھا کہ چوٹ اتنی گہری ہے کہ سرجری کی ضرورت پڑ جائیگی۔

معلوم تھا بولڈ لباس پہننے پر گالیاں پڑیں گی، فریال

فریال محمود کو بولڈ لباس پہننے کیوجہ سے صارفین نے تنقید کا نشانہ بنایا

کراچی (بیورو چیف) پاکستان فلم و ڈراما انڈسٹری کی معروف اداکارہ فریال محمود نے ان کے بولڈ لباس پر ہونے والی تنقید پر ردعمل دے دیا۔ رواں ماہ 4 جنوری کو کراچی میں پاکستانی فلم وکھری کا پریمیئر ہوا تھا جس میں فلم کی کاسٹ سمیت دیگر شوبز ستاروں نے شرکت کی تھی، فلم کے پریمیئر کے موقع پر فریال محمود بولڈ لباس میں ملبوس تھیں۔ فریال محمود کی تصاویر جیسے ہی سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھیں تو صارفین نے انہیں آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے شدید تنقید کا نشانہ بنایا تھا اور کہا تھا کہ یہ پاکستان کی نمائندگی کررہی ہیں،

ملازم پر تشدد، بھارتی گلوکارہ کی راحت پر کڑی تنقید

ممبئی (شوبز رپورٹر) بھارتی گلوکارہ چنمئی سری پدا نے عالمی شہرت یافتہ پاکستانی میوزک اسٹار راحت فتح علی کی ملازم پر بدترین تشدد کرنیکی ویڈیو پر ردعمل دیتے ہوئے گلوکار پر شدید تنقید کی ہے۔ گلوکارہ چنمئی سری پدا نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (سابق ٹوئٹر) پر جاری کی گئی اپنی پوسٹ میں کہا کہ راحت فتح علی خان جیسی نامور شخصیات عوام کے سامنے خود کو مہربان اور نرم مزاج انسان دکھاتی ہیں جس کی وجہ سے کوئی سوچ بھی نہیں سکتا کہ یہ اصل زندگی میں لوگوں کیساتھ غیرانسانی سلوک کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر یہ کیمرے پہلے کے زمانے میں بھی موجود ہوتے تو جن لوگوں کو ہم نام نہاد عظیم کے طور پر مناتے ہیں،

اجے دیوگن کی نئی ہارر فلم شیطان کا سنسنی خیز ٹیزر جاری

نئے سپر نیچرل تھرلر میں اجے دیوگن کیساتھ نامور اداکار آر مادھاون شامل ہیں

ممبئی (شوبز رپورٹر) بالی ووڈ کے نامور اداکار اجے دیوگن کی نئی ہارر فلم شیطان کا سنسنی خیز ٹیزر جاری کردیا گیا۔ اجے دیوگن نے انسٹاگرام پر ٹیزر جاری کرتے ہوئے کیپشن لکھا وہ پوچھے گا تم سے، ایک کھیل ہے، کھیلو گے؟ پر اس کے بہکاوے میں مت آنا۔ فلم کا پلاٹ ابھی سامنے نہیں آیا لیکن ٹیزر سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ خیر اور شر کے درمیان جنگ کی دہشت سے بھرپور کہانی ہوگی۔ شیطان کے ساتھ نامور اداکارہ جیوتیکا کی ہندی سینما میں بیس برس بعد واپسی ہورہی ہے اس لیے مداحوں میں زیادہ جوش وخروش ہے۔

منارا نے شوٹنگ پر اتنی زور سے مارا کہ اسپتال میں داخل ہونا پڑا

شوٹنگ کے دوران ایکشن سین میں منارا نے دھکا دیکر سیڑھیوں پر گرادیا

ممبئی (شوبز رپورٹر) بالی وڈ اداکارہ و ماڈل شردھا داس نے انکشاف کیا ہے کہ بگ باس 17 کی کھلاڑی منارا چوپڑا نے انہیں ماضی میں اتنی زور سے مارا کہ انہیں اسپتال میں داخل ہونا پڑا۔ اداکارہ شردھا داس نے اپنی ساتھی اداکارہ منارا چوپڑا کیخلاف سخت الزامات لگاتے ہوئے انکشاف کیا کہ 2014 میں ریلیز ہونیوالی فلم 'ضد ' کی شوٹنگ کے دوران ایکشن سین کرنا تھا جس میں منارا کو مجھے سیڑھیوں پر ہلکے سے دھکا دینا تھا لیکن منارا نے ایسا نہیں کیا اور مجھے بہت زور سے دھکا دیکر سیڑھیوں پر گرادیا۔ شردھا داس نے بتایا کہ میں نے کھڑے ہوکر اسے کہا کہ آرام سے کرو، پہلے مجھے لگا شاید نئی اداکارہ ہے تو اس وجہ سے ایسا ہوگیا ہوگا لیکن جب سین کو دوبارہ کیا گیا تو اس نے غصے میں دوبارہ ایسا ہی کیا اور مجھے بہت زور سے مارا۔

SPORTS
کھیل کھلاڑی

حفیظ نے سوشل میڈیا پر تنقید کا جواب دے دیا

پیشہ ور افراد کی مدد سے خودساختہ اور غلط خبریں پھیلائی جارہی ہیں، ٹیم ڈائریکٹر

لاہور (سپورٹس رپورٹر) محمد حفیظ نے سوشل میڈیا پر تنقید کا جواب دے دیا۔ قومی ٹیم کی آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ میں ناقص کارکردگی کے بعد ٹیم ڈائریکٹر پر بھی طنز کے نشتر چلائے جارہے ہیں، ان کے مستقبل کے حوالے سے افواہوں کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ اس حوالے سے سوشل میڈیا پر ہی اپنے پیغام میں محمد حفیظ نے کہا کہ کرکٹ ہی میرا جنون اور زندگی میں سب سے اہم طاقت ہے، سوشل میڈیا پر پیشہ ور افراد کی مدد سے پھیلائی جانے والی خود ساختہ اور غلط خبریں اس میں کوئی کمی نہیں لاسکتیں۔

آئی سی سی نے سری لنکا کی رکنیت بحال کردی

سری لنکن کرکٹ بورڈ کی رکنیت سیاسی مداخلت کے باعث معطل کی گئی تھی

دبئی (سپورٹس رپورٹر) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے سری لنکا کرکٹ بورڈ پر عائد پابندی ختم کردی۔ آئی سی سی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ آئی سی سی سری لنکن بورڈ کی معطلی کے بعد سے صورتحال کی نگرانی کررہا تھا اور اب مطمئن ہے کہ سری لنکن بورڈ رکنیت کی ذمہ داریوں کی خلاف ورزی نہیں کررہا۔ بیان میں کہا گیا کہ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے آج سری لنکا پر عائد پابندی فوری طور پر ختم کردی ہے۔ آئی سی سی نے سری لنکن کرکٹ بورڈ کی رکنیت سیاسی مداخلت کے باعث معطل کی تھی۔ ورلڈکپ کے میچ میں بھارت کیخلاف شرمناک شکست پر سری لنکا کے وزیر کھیل نے سری لنکن کرکٹ بورڈ کے عہدیداروں کو برطرف کردیا تھا۔ آئی سی سی نے بورڈ کے معاملات میں مسلسل حکومتی مداخلت کیوجہ سے 10 نومبر 2023 کو ورلڈکپ کے دوران ہی سری لنکا کی رکنیت معطل کردی تھی۔ رکنیت معطل ہونیکی وجہ سے سری لنکا انڈر 19 مینز کرکٹ ورلڈکپ کی میزبانی سے محروم رہا جو اس وقت جنوبی افریقا میں کھیلا جارہا ہے۔

بھارتی ٹینس ٹیم کے ہمراہ آفیشلز اور صحافی بھی اسلام آباد پہنچے ہیں

بھارتی ٹینس ٹیم ڈیوس کپ میں شرکت کیلئے اسلام آباد پہنچ گئی

ڈیوس کپ کیلئے اسلام آباد پہنچنے والی ٹیم کے ہمراہ صحافی بھی پاکستان آئے ہیں

اسلام آباد (سپورٹس رپورٹر) پاکستان میں انٹرنیشنل ٹینس فیڈریشن کے تحت شیڈول ڈیوس کپ ٹینس ٹائی میں شرکت کے لیے بھارتی ٹینس ٹیم اسلام آباد پہنچ گئی۔ بھارتی ٹینس ٹیم بذریعہ ہوائی جہاز اسلام آباد پہنچی اور ٹیم میں 5 کھلاڑیوں کیساتھ دیگر آفیشلز میں دو فزیو اور ایک، ایک کوچ، منیجر اور کوآرڈینیٹر بھی شامل ہیں۔ ڈیوس کپ کے لیے اسلام آباد پہنچنے والی بھارتی ٹیم کے ہمراہ صحافی بھی پاکستان آئے ہیں اور بھارتی ٹینس ٹیم وفاقی دارالحکومت میں ٹینس کمپلیکس کے پاس مقامی ہوٹل میں قیام کریگی۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان بالترتیب 3 اور 4 فروری کو ڈیوس کپ ٹائی ٹینس کمپلیکس اسلام آباد میں کھیلا جائیگا۔ واضح رہے کہ دہلی میں قائم پاکستانی ہائی کمیشن نے 26 جنوری کو ڈیوس کپ میں شرکت کے لیے پاکستان آنے والے بھارتی کھلاڑیوں کو ویزے جاری کردیے تھے۔

گیلیگن نے پانچویں مکسڈ نیشنل تھرو بال چیمپئن شپ جیت لی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تھرو بال فیڈریشن کے زیر اہتمام گیلیگن نے پانچویں مکسڈ نیشنل تھرو بال چیمپئن شپ جیت لی ہے جبکہ خیبر پختونخوا نے دوسری اور ہائر ایجوکیشن کمیشن نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اختتامی تقریب کی مہمان خصوصی پاکستان تھرو بال فیڈریشن (ویمن ونگ) کی صدر فائزہ عامر تھیں۔

آئی ایل ٹی 20 کا حصہ بننا خوش قسمتی ہے، وقار یونس

وسیم اکرم، شعیب اختر، سائمن ڈول، وریندر سہواگ اور ہربھجن سنگھ شامل ہیں

دبئی: (سپورٹس نیوز) خلیجی خطے میں آئی ایل ٹی 20 کی مقبولیت کو سراہتے ہوئے لیجنڈری فاسٹ بولر وقار یونس نے لیگ کی ترقی، یو اے ای کی ٹیم کی ترقی اور ٹورنامنٹ میں معروف کھلاڑیوں کے اثرات پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ لیگ کیساتھ اپنے تجربے پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا گزشتہ برس ٹورنامنٹ نیا تھا اور وہ اس میں شامل ہونے کو اپنی خوش قسمتی تصور کرتے ہیں میں نے بہت اچھا وقت گزارا خاص کر جب کرکٹ کا معیار اچھا تھا۔ آئی ایل ٹی 20 مقبول سے مقبول تر ہوتا جارہا ہے۔

نیشنل ویمنز ٹی ٹونٹی ٹورنامنٹ، لاہور کی عائشہ ظفر کی سنچری

راولپنڈی (این این آئی) نیشنل ویمنز ٹی ٹونٹی ٹورنامنٹ کے آٹھویں راؤنڈ میں لاہور، کراچی اور راولپنڈی کی ٹیموں نے کامیابی حاصل کی۔ شعیب اختر کرکٹ اسٹیڈیم راولپنڈی میں لاہور نے ملتان کیخلاف 119 رنز سے فتح حاصل کی لاہور نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے عائشہ ظفر کے 113 اور سدرہ امین کے ناقابل شکست 71 رنز کی بدولت 200 رنز بنائے، ملتان کی ٹیم ہدف کے تعاقب میں صرف 81 رنز ہی بنا سکی۔ عائشہ اپنی شاندار سنچری کی بدولت جس میں 18 چوکے اور دو چھکے شامل تھے پلیئر آف دی میچ قرار پائیں۔ ایوب پارک گراؤنڈ راولپنڈی میں کراچی نے کوئٹہ کو 6 وکٹوں سے شکست دی۔ کوئٹہ کی ٹیم نے پہلے بیٹنگ کی اور کراچی کو جیتنے کیلیے 98 رنز کا ہدف دیا تھا۔

ویسٹ انڈیز کی آسٹریلیا کیخلاف 27 سال بعد ٹیسٹ میں تاریخی فتح

مہمان ٹیم نے کینگروز کو 1997 کے بعد اسکی سرزمین پر ڈھیر کیا ہے

برسبین (سپورٹس رپورٹر) ویسٹ انڈیز نے آسٹریلیا کو اس کی سرزمین پر 27 سال بعد ٹیسٹ میچ میں شکست دیکر تاریخی فتح اپنے نام کرلی۔ مہمان ٹیم نے کینگروز کو 1997 کے بعد اسکی سرزمین پر ڈھیر کیا ہے جبکہ ویسٹ انڈیز 2001 کے بعد آسٹریلیا کے خلاف کوئی ٹیسٹ میچ جیتنے میں کامیاب ہوئی ہے۔ آسٹریلیا کو میچ جیتنے کے لیے 216 رنز کا ہدف حاصل کرنا تھا تاہم ویسٹ انڈین بولر شمر کی ناقابل یقین بولنگ کی بدولت آسٹریلوی ٹیم وکٹ پر سنبھل نہ سکی اور پوری ٹیم 207 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

قومی ویمنز کرکٹ چیمپئن شپ کے دوران کھلاڑی آپس میں لڑ پڑیں

راولپنڈی (این این آئی) قومی ویمنز چیمپئن شپ میں دو کھلاڑیوں نے اپنی ساتھی کھلاڑی کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالا جس سے اس کے ناک سے خون نکل آیا۔ بتایا گیا ہے کہ کرکٹر نے دو میچز میں مار کھانے کے بعد انتظامیہ کو شکایت کردی جس کے بعد بورڈ انتظامیہ نے بڑی کارروائی کرنے کے بجائے تینوں کھلاڑیوں پر ایک، ایک میچ کی پابندی عائد کردی۔

پشاور زلمی کا پی ایس ایل 9 کے شیڈول پر تحفظات کا اظہار

شیڈول کا اعلان کرنے سے قبل اعتماد میں نہیں لیا گیا تھا، انتظامیہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) فرنچائز پشاور زلمی نے پی ایس ایل 9 کے شیڈول پر تحفظات کا اظہار کردیا ہے۔ زلمی انتظامیہ کے مطابق شیڈول کا اعلان کرنے سے قبل اعتماد میں نہیں لیا گیا تھا۔ پشاور زلمی انتظامیہ کی جانب سے جاری بیان میں ٹیم انتظامیہ نے کہا کہ اصولی طور پر پشاور میں پی ایس ایل 9 کے میچز کا انعقاد ہونا چاہیے تھا۔ انتظامیہ نے کہا کہ پشاور زلمی کے میچز شیڈول اور وینیوز پر شدید تحفظات ہیں۔ انتظامیہ کے مطابق شیڈول کے تمام عمل میں نہ پشاور زلمی کو شامل کیا گیا اور نہ ہی شیڈول ریلیز کرنے سے قبل اعتماد میں لیا گیا۔ پشاور زلمی منیجمنٹ نے بیان میں کہا کہ پشاور زلمی کے صرف چار میچز راولپنڈی اور صرف ایک میچ کراچی میں شیڈول ہونے پر زلمی انتظامیہ مایوس ہیں۔

پاکستان اس وقت سیاسی اور معاشی عدم استحکام کا شکار ہے

ہم جی ٹوئنٹی ممالک میں شامل ہو رہے تھے اب ہم 47ویں نمبر پر ہیں آئی ایم ایف ایک ایک ڈالر کیلئے ناک سے لکیریں نکلوا رہا ہے

ایک مسلط شدہ شخص نے اوئے توئے کا کلچر بچوں تک پہنچایا اور پوری قوم کو تقسیم کیا، رانا ثناء اللہ خاں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سابق وفاقی وزیر داخلہ اور مسلم لیگ ن پنجاب کے صدر رانا ثنااللہ خاں نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری کی جارحانہ اننگز اور الزام تراشی کا ہم کوئی جواب نہیں دیں گے۔ پاکستان اس وقت سیاسی اور معاشی عدم استحکام کا شکار ہے۔ ایک مسلط شدہ شخص نے اوئے توئے کا کلچر بچوں تک پہنچایا اور پوری قوم کو تقسیم کیا تاہم موجودہ حالات میں عدم استحکام کو ختم کرنے کی ضرورت ہے۔ ہم جی ٹوئنٹی ممالک میں شامل ہو رہے تھے اب ہم 47ویں نمبر پر ہیں۔ آئی ایم ایف ایک ایک ارب ڈالر کے لئے ناک سے لکیریں نکلوا رہا ہے۔ پی ٹی آئی یا پی ٹی آئی کا 9 مئی والا گروہ اپنی سوچ کو آگے بڑھانے کا درپے ہے۔ اس گروہ کی سوچ ملک کے خلاف ہے۔ 9 مئی والوں کے ساتھ جو ہو رہا ہے وہ انکا اپنا کیا دھرا ہے۔ وہ سابق رکن پنجاب اسمبلی اور مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما خواجہ محمد اسلام کی جدوجہد کے نتیجہ میں اُن کی رہائش گاہ میں ڈاکٹر منور فیاض سنی اور حاجی عبد الغفار سلطانی کی طرف سے این اے 103 سے مسلم لیگ ن کے نامزد اُمیدوار

(باقی صفحہ 2 نمبر 1)

کمشنر سلوت سعید دی یونیورسٹی آف فیصل آباد میں سپورٹس ویک کا افتتاح کرنے کے بعد گرلز کے مابین مقابلے دیکھ اور انعامات تقسیم کر رہی ہیں

(ن) لیگ احسان فراموشوں اور مفاد پرستوں کی جماعت ہے

ضمنی الیکشن میں احسان فراموش عابد شیر علی پیپلز پارٹی کے ووٹ لینے کیلئے صدر زرداری اور بلاول کے پاؤں پکڑ رہا تھا

شیر علی کا خاندان محسن کش لوگوں کا ٹولہ ہے انکی کیا اوقات ہے جو ہمارے چیئرمین پر تنقید کے نشتر چلائیں، رانا نعیم دستگیر، ریاض الحق

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے نامزد امیدوار این اے 102 وسٹی صدر رانا نعیم دستگیر، ایم پی اے کے امیدوار پی پی 115 میاں ریاض الحق نے کہا کہ ن لیگ احسان فراموشوں اور مفاد پرستوں کی جماعت ہے ضمنی الیکشن میں احسان فراموش چوہدری عابد شیر علی پیپلز پارٹی کے ووٹ لینے کیلئے صدر زرداری اور بلاول بھٹو کے پاؤں پکڑ رہا تھا آج کس منہ سے تنقید کر رہا ہے۔ چوہدری شیر علی کا خاندان محسن کش لوگوں کا ٹولہ ہے ان کی کیا اوقات ہے جو ہمارے چیئرمین پر تنقید کے نشتر چلائیں پیپلز پارٹی مخالفین کے ہوش اڑا دے گی آٹھ فروری کو تیر چلے گا عوام فیصلہ کرے گی ،ہمارے چیئرمین بلاول بھٹو کا تخت لاہور میں شاندار عوامی پاور شو ن لیگ کی نیندوں کو حرام کردے گا پیپلز پارٹی آل شریف کی تمام تخریب کاریوں اور اوچھے ہتھکنڈوں کا ڈٹ کر مقابلہ کرے گی انشاء اللہ آٹھ فروہ کو تیر کی فتح ہوگی ہم کسی کے لاڈلے نہیں صرف عوام کے لاڈلہ بننا چاہتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پیپلز پارٹی کے امیدوار پی پی 115

(باقی صفحہ 2 نمبر 2)

فیصل آباد۔ کمشنر سلوت سعید کا دی یونیورسٹی آف فیصل آباد میں سپورٹس ویک کے موقع پر مقابلوں میں شریک گرلز کھلاڑیوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

8 فروری کو خدمت کی سیاست کی جیت اور جھوٹے وعدوں کا صفایا ہوگا

عوام سے اپنی کارکردگی اور ماضی کی خدمات سمیت اپنے خوشحال پاکستان کے منشور پر ووٹ مانگ رہے ہیں

مخالفین بھی بتائیں کہ ان کی کارکردگی کیا تھی اور انہوں نے شہر کی چھوڑ اپنے حلقہ کے عوام کی کیا خدمت کی، عابد شیر علی

فیصل آباد/جڑانوالہ (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما، سابق وزیر مملکت اور این اے 102 فیصل آباد سے پارٹی کے نامزد امیدوار چوہدری عابد شیر علی نے کہا کہ 8 فروری کے عام انتخابات میں خدمت کی سیاست کی جیت اور جھوٹے وعدوں کا صفایا ہوگا، نواز شریف کی قیادت اچھے دنوں کا آغاز ثابت ہوگی، عوام سے اپنی کارکردگی اور ماضی کی خدمات سمیت اپنے خوشحال پاکستان کے منشور پر ووٹ مانگ رہے ہیں، مخالفین بھی بتائیں کہ ان کی کارکردگی کیا تھی اور انہوں نے شہر کی چھوڑ اپنے حلقہ کے عوام کی کیا خدمت کی۔ وہ اپنی انتخابی مہم کے سلسلہ میں ایک بڑے عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ عابد شیر علی نے کہا کہ 8 فروری کو خدمت اور جھوٹے وعدوں، فضول دعووں کا صفایا قوم بیلٹ پیپرز کے ذریعے شیر کے انتخابی نشان پر ٹھپہ لگا کر کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے دور میں

(باقی صفحہ 2 نمبر 3)

فیصل آباد۔ "اب گاؤں چمکیں گے" پروگرام پر عملدرآمد جاری ہے

شعبہ صحافت میں جدید ٹیکنالوجی سے روشناس ہونا ضروری ہے

ڈپٹی کمشنر عبداللہ نیئر

نگران وزیراعلی نے حالیہ دنوں میں پریس کلبوں کو خطیر فنڈز فراہم کئے ہیں، پریس کلب میں ڈیجیٹل سٹوڈیو کی افتتاحی تقریب سے خطاب

صدر پریس کلب شاہد علی، جنرل سیکرٹری عزادار حسین کے علاوہ صحافی برادری کی بڑی تعداد اس موقع پر موجود تھی جنہوں نے پنجاب حکومت کا شکریہ ادا کیا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر عبداللہ نیئر شیخ نے کہا ہے کہ صحافتی سرگرمیوں میں جدید رجحانات کو بروئے کار لانا وقت کا اہم ترین تقاضا ہے جن کے ذریعے ترقی اور مقابلے کے اس دور میں مستقبل کے چیلنجز کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے یہ

(باقی صفحہ 2 نمبر 4)



رجسٹرڈ
لائلپور امیگریشن اینڈ ایجوکیشنل کنسلٹنٹ

خوشخبری

پاکستانی طلباء وطالبات بالخصوص فیصل آباد کے طلباء وطالبات کے لئے خوشخبری ہے کہ لائلپور امیگریشن اینڈ ایجوکیشنل کنسلٹنٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ نے قانونی طور پر اپنا بیرون ملک امیگریشن وایجوکیشن کنسلٹنٹ کا کام شروع کر دیا ہے اور اب آپ دنیا کے کسی بھی ملک بالخصوص کینیڈا، برطانیہ، آسٹریلیا کے علاوہ دنیا کے کسی بھی ملک میں شہریت، نیشنیلٹی یا پڑھائی کیلئے داخلہ لینا چاہیں تو ہم سے رابطہ کریں۔

برائے رابطہ

ای میل: www.keiec.com / munirdar31@yahoo.com
ٹیلی فون نمبر: 0333-8395996 / 041-8782681 / 0333-7791007 فیکس نمبر: 041-8782682

وفاقی وزراء اور سرکاری افسران کے غیر ملکی دورے منسوخ

سرکاری افسران اور حکام نجی غیر ملکی دورہ بھی نہیں کر سکتے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے وفاقی وزراء اور سرکاری افسران کے غیر ملکی دورے منسوخ کردیئے۔ ذرائع کے مطابق نگران وزیراعظم نے وفاقی وزرا اور سرکاری افسران کے غیر ملکی دورے منسوخ کرنے کی منظوری دے دی ہے جس کے تحت انتخابات اور نئی حکومت کی تشکیل تک کوئی بھی غیر ملکی دورہ نہیں کریگا۔ ذرائع نے بتایا کہ نگران وزراء، افسران اور خودمختار اداروں کے حکام کے اجازت نامے بھی منسوخ کیے گئے، نگران کابینہ ارکان، سرکاری افسران اور حکام نجی غیر ملکی دورہ بھی نہیں کر سکتے۔

فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل، انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت کرنیوالا بینچ ٹوٹ گیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل پر انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت کرنے والا بینچ ٹوٹ گیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق سپریم کورٹ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل پر انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت کرنے والا بینچ ٹوٹ گیا۔ فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل پر انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت جسٹس سردار طارق مسعود کی سربراہی میں 6 رکنی بینچ نے سماعت کی۔ جسٹس امین الدین خان، جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس حسن اظہر رضوی، جسٹس مسرت ہلالی اور جسٹس عرفان سعادت بھی بینچ کا حصہ تھے۔ جواد ایس خواجہ کے وکیل نے بینچ پر اعتراض اٹھاتے ہوئے کہا کہ بینچ کی دوبارہ تشکیل کیلئے معاملہ ججز کمیٹی کو بھیجا جائے۔ لاہور بار کے وکیل حامد خان نے کیس میں دلائل دینے کی کوشش

(باقی صفحہ 2 نمبر 5)

سپریم کورٹ نے صحافیوں کو ہراساں کرنے کیخلاف ازخود نوٹس پر سماعت کا حکم نامہ لکھوا دیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے صحافیوں کو ہراساں کرنے کے خلاف ازخود نوٹس پر سماعت کا حکم نامہ لکھوا دیا۔ حکم نامے میں عدالت عظمیٰ نے کہا ہے کہ بتایا جائے کہ مقدمات میں اب تک کیا پیش رفت ہوئی ہے؟ سپریم کورٹ نے حکم نامے میں کہا کہ صحافیوں کو ایف آئی اے کی جانب سے جاری نوٹسز سے آگاہ کیا گیا، بتایا گیا کہ نوٹسز عدالت کو تنقید کا نشانہ بنانے پر جاری کیے گئے ہیں۔ حکم نامے کے مطابق تنقید کرنا ہر شہری اور صحافی کا حق ہے، معاملہ صرف تنقید تک ہے تو کسی کے خلاف کوئی کارروائی نہ کی جائے۔ عدالت نے اپنے حکم نامے میں کہا کہ اٹارنی جنرل نے حکومت کی جانب سے تنقید پر کارروائی نہ کرنے کی یقین دہانی کروا دی۔ حکم نامے کے مطابق عدالت نے طلب کیے گئے صحافیوں کے خلاف کسی بھی

(باقی صفحہ 2 نمبر 6)

بانی پی ٹی آئی کیخلاف فیصلہ لینے کی کوشش کی جارہی ہے،

یہ ایک خوش آئند قدم ہے کہ عدالت کو اظہار رائے کی آزادی کا علم ہے، بابر اعوان

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما بابر اعوان نے کہا ہے کہ یہ ایک خوش آئند قدم ہے کہ عدالت کو اظہار رائے کی آزادی کا علم ہے، پی ٹی اے نے پاکستان تحریک انصاف کی ویب سائٹ بند کردی، اس بندش کا بھی نوٹس لیا جائے۔ بابر اعوان نے سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کا جیل ٹرائل اقوام متحدہ کے انسانی حقوق چارٹر کی خلاف ورزی ہے، سپریم کورٹ کی طرح بانی پی ٹی آئی کا جیل ٹرائل بھی پبلک کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صرف شہادت قلم بند کرتے وقت بانی پی ٹی آئی کو عدالت لایا جاتا ہے، بانی پی ٹی آئی کے مقدمہ میں انصاف کا قتل ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف ملک نہیں صرف اپنا کاروبار سنبھال سکتے ہیں، نواز شریف کے وزیراعظم

(باقی صفحہ 2 نمبر 7)

سابق ڈی جی نیب کیخلاف ہتک عزت کا فوجداری کیس قابل سماعت قرار

اسلام آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے طیبہ گل کی جانب سے سابق ڈی جی نیب شہزاد سلیم کے خلاف ہتک عزت کا فوجداری کیس قابل سماعت قرار دے دیا۔ پیر کو ایڈیشنل سیشن جج محمد سہیل نے طیبہ گل کی درخواست منظور کرتے ہوئے فریقین کو نوٹسز جاری کر دیئے۔ 15 فروری کو سابق ڈی جی نیب شہزاد سلیم کو عدالت نے ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا۔ عدالت نے کہا کہ ایس ایس پی رپورٹ کے مطابق شہزاد سلیم کے خلاف فوجداری کارروائی کرنے کا ثبوت نہیں ملا، وکیل صفائی کے مطابق شہزاد سلیم نے میڈیا پر ادا کیے گئے الفاظ کی تردید نہیں کی، شہزاد سلیم نے الزامات کو بڑھا چڑھا کر بیان کرنا قرار دیا لیکن تردید نہیں کی۔ ایس ایس پی کی رپورٹ کے مطابق بھی شہزاد سلیم نے

(باقی صفحہ 2 نمبر 8)

پیپلز پارٹی کا بلاول کی حمایت کرنیوالوں کی گرفتاریوں کیخلاف چیف الیکشن کمشنر کو خط

پنجاب پولیس کی طرف سے گرفتاریوں کی وجہ سے علاقے میں دہشت کا ماحول ہے، سینیٹر تاج حیدر کا خط

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے انچارج سینٹرل الیکشن سیل اور سینیٹر تاج حیدر نے چیف الیکشن کمشنر کو خط لکھ کر مطالبہ کیا ہے کہ این اے 127 میں بلاول بھٹو کی حمایت کرنے والوں کو گرفتار کیا جا رہا ہے، ان افراد کی رہائی کا حکم دیں اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے۔ خط میں کہا گیا کہ پنجاب پولیس کی طرف سے ان گرفتاریوں کی وجہ سے علاقے میں دہشت کا ماحول ہے، پی ٹی آئی کے کارکن شہباز اور شہزاد کی پیپلز پارٹی میں شمولیت پر ان کو گرفتار کیا گیا۔ خط کے مطابق مسلم لیگ ((ن) کی کونسلر خالدہ پروین کو بھی پی پی کی حمایت پر اٹھا لیا گیا، پولیس سے رابطہ کرنے پر بتایا گیا کہ خالدہ پروین کو 4 ماہ پرانی ایف آئی آر کے تحت گرفتار کیا گیا ہے۔ خط میں کہا گیا کہ ذوالفقار بدر نے کارکنوں کی رہائی کیلئے اعلیٰ افسران سے رابطہ کیا تاہم داد رسی نہیں ہوسکی، خدشہ ہے کہ اگر پولیس کو نہ

(باقی صفحہ 2 نمبر 9)

پولیس کو حلیم عادل شیخ کو مزید مقدمات میں گرفتار کرنے سے روک دیا گیا

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے پولیس کو پی ٹی آئی رہنما حلیم عادل شیخ کو مزید مقدمات میں گرفتار کرنے سے روک دیا۔ پیر کو حلیم عادل شیخ کی متعدد مقدمات میں گرفتاریوں کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی۔ عدالت نے حکم دیا کہ حلیم عادل شیخ کو کسی بھی نئے مقدمے یا چالان میں نامزد نہ کیا جائے۔ سندھ ہائی کورٹ نے حکم نامے کی کاپی آئی جی سندھ اور جیل سپرنٹنڈنٹ کو ارسال کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے کہا کہ 2 نومبر 2023 کی پولیس رپورٹ کے مطابق حلیم عادل شیخ 21 مقدمات میں نامزد ہیں۔ جسٹس نعمت اللہ پھلپوٹو نے کہا کہ بتایا جائے مزید کتنے مقدمات درج کیے گئے ہیں؟ جس پر ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل نے کہا کہ حلیم عادل شیخ کے خلاف مجموعی طور

(باقی صفحہ 2 نمبر 10)

اسرائیلی آبادکاروں کا غزہ میں ازسرنو آبادکاری کا مطالبہ

آبادکاروں نے بیت المقدس میں ایک کنونشن کے دوران مطالبہ پیش کیا

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) بیت المقدس میں ایک کنونشن کے دوران سینکڑوں یہودی آبادکاروں نے اپنا یہ مطالبہ پیش کیا ہے کہ غزہ میں یہودی آبادکاری ازسرنو کی جائے۔ مقبوضہ مغربی کنارے کے شمالی حصے میں بھی دوبارہ سے یہودیوں کو آباد کیا جائے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیل نے 2005 میں غزہ کو خالی کر دیا تھا اور اپنی فوج کو غزہ سے نکالنے کے ساتھ ساتھ یہودی بستیوں کو بھی ختم کر دیا تھا۔ یہودی بستیوں کا یہ خاتمہ غزہ پر 38 سالہ قبضے کے بعد کیا گیا تھا۔ اسرائیل کے لامحدود مدت کے لیے غزہ کے سیکورٹی معاملات کو دیکھنے کے اس اعلان کے باوجود کسی قدر وضاحت موجود ہے کہ اقوام متحدہ غزہ کا مستقبل فلسطینیوں کے کنٹرول میں ہی دیکھنا چاہتا ہے۔ یروشلم میں یہ

(باقی صفحہ 2 نمبر 11)

اولین ترجیح غزہ میں جنگ روکنا ہے، سعودی وزیر خارجہ

سعودی اور مصری وزرائے خارجہ کا فوری جنگ بندی اور امداد فراہمی کا مطالبہ

قاہرہ (این این آئی) سعودی عرب اور مصر نے ایک بار پھر مشترکہ طور پر غزہ کی پٹی میں جاری لڑائی روکنے اور جنگ سے متاثرہ شہریوں تک امداد پہنچانے پر زور دیا ہے جبکہ سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان نے کہا ہے کہ مملکت غزہ کی پٹی میں لڑائی روکنے اور امداد پہنچانے کو اولین ترجیح قرار دیتی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انہوں نے قاہرہ میں اپنے مصری ہم منصب سامح شکری کے ساتھ ایک پریس کانفرنس میں مزید کہا کہ مملکت علاقائی مسائل پر مصر کے ساتھ مشترکہ تعاون کی خواہشمند ہے۔ انہوں نے عالمی برادری کی طرف سے فلسطینیوں کو دی جانے والی اجتماعی سزا روکنے کے لیے متفقہ فیصلہ کرے۔ ان کا کہنا تھا کہ اسرائیل کی طرف سے فلسطینیوں کو اجتماعی سزا دینے کو کسی صورت قبول نہیں کیا جاسکتا۔

اسرائیل نے اونروا کیخلاف مہم برپا کر رکھی ہے، فلسطینی وزیراعظم

غزہ کو فراہم امداد پٹی کی صرف آٹھ فیصد آبادی کے لیے کافی ہے، گفتگو

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) فلسطینی وزیراعظم محمد اشتیہ نے کہا ہے کہ اسرائیل اونروا کے خلاف بین الاقوامی مہم چلا رہا ہے۔ ریلیف ایجنسی کے لیے فنڈنگ روکنا بہت خطرناک ہوگا۔ جن ممالک نے اس کی امداد روکنے کا فیصلہ کیا ہے وہ اپنا فیصلہ واپس لیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق فلسطین کے وزیراعظم نے ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ غزہ کو فراہم کی جانے والی امداد پٹی کی صرف آٹھ فیصد آبادی کے لیے کافی ہے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ جن ممالک نے اونروا کو اپنی امداد روکی ہے وہ اقوام متحدہ کی ایجنسی کی امدادی صلاحیت کا 70 فی صد بنتے ہیں۔ اونروا کی امداد منجمد کرنا اسرائیل کے بارے میں بین الاقوامی عدالت انصاف کے فیصلے کی راہ میں رکاوٹ ہے۔

غزہ میں اشیا خور ونوش کی ترسیل دوبارہ رک گئی

کرم شالوم راہداری کی اسرائیلی بندش کے باعث ترسیل روکی گئی، رپورٹ

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) اسرائیلی راہداری کرم شالوم جو غزہ میں امدادی سامان کی فراہمی کے لیے حال ہی میں کھولی گئی تھی۔ اسرائیلی مظاہرین نے احتجاج کر کے بند کرادی ہے، غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ اسرائیلی مظاہرین کرم شالوم پر اسی لیے جمع ہوئے تھے۔ ان کا اسرائیلی حکومت سے مطالبہ تھا کہ راہداری بند کی جائے کیونکہ وہ نہیں چاہتے غزہ میں کھانے پینے کی اشیا جائیں یوں اسرائیلی احتجاجی مظاہرین غزہ کے

(باقی صفحہ 2 نمبر 12)

جنگ 10 سال تک چل سکتی ہے، اسرائیلی وزیر دفاع

غزہ سے اسرائیلی افواج جلد رفح تک پہنچ جائیں گی، گفتگو

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی جنگی کونسل کے وزیر بینی گینٹز نے کہا ہے کہ غزہ میں اسرائیلی فوجیں جلد ہی پٹی کے جنوب میں واقع شہر رفح تک پہنچ جائیں گی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق میڈیا سے گفتگو میں غزہ کی پٹی میں قیدیوں کی رہائی کو یقینی بنانے کی فوری ضرورت کو تسلیم کرتے ہوئے گینٹز نے کہا کہ حماس کے خلاف جنگ 10 سال تک چل سکتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حماس کو تباہ کرنے کا وقت ہے، لیکن یرغمالیوں

(باقی صفحہ 2 نمبر 13)

سوئی گیس کے بھاری بھر کم بل عوام کیلئے وبال جان بن چکے ہیں

پاکستان معاشی بحران اور انرجی کرائسز کا شکار ہے قوم کی نظریں سپریم کورٹ اور الیکشن کمیشن پر لگی ہوئی ہے

آپ کا نشان میرا نشان انتخابی نشان گڑیال یعنی کلاک ہے جو وقت کی قدر کرتا ہے، رائے امتیاز اشرف خان کھرل

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پی پی 101 سے آزاد امیدوار رائے امتیاز اشرف خان کھرل نے کہا کہ سوئی گیس کے بھاری بھر کم بل عوام کیلئے وبال جان بن چکے ہیں آج عوام پاکستان بدترین معاشی بحران اور انرجی کرائسز کا شکار ہے قوم کی نظریں سپریم کورٹ اور الیکشن کمیشن پر لگی ہوئی ہے آپ کا نشان میرا نشان انتخابی نشان گڑیال یعنی کلاک ہے جو وقت کی قدر کرتا ہے۔ انشاء اللہ میں آزاد حیثیت سے انتخابی محاذ پر بفضل خدا کامیابی لے کر دکھاؤں گا عزت اور کامیابی میرے اللہ کے اختیار میں ہے جتنے بھی چالاک اور عقل کل لوگ تخریب کاریاں کر لے اپنے مقاصد میں کامیاب نہیں ہوں گے۔ اللہ ان کی محنت کو رائیگاں نہیں جانے دیتے میرا اللہ کریم میرے ساتھ ہے اور ہم اپنے حلقے کے تمام معززین کے ساتھ مل کر اپنے مخالفین کو آٹھ فروری کی شام کو کامیابی کی صورت میں بہت بڑا سرپرائز دیں گے۔ ان

(باقی صفحہ 2 نمبر 14)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر شہاب اسلم ضلعی عملدرآمد کمیٹی برائے انسداد تمباکو نوشی کے اجلاس کی صدارت اور محمد آفتاب احمد بریفنگ دے رہے ہیں

8 فروری کو ترازو کو ووٹ ڈال کر کامیاب کروائیں اجمل حسین بدر

ہم قوم کو کرپشن اور مہنگائی سے نجات دلائیں گے، دو سیاسی خاندانوں نے ملک کی ترقی کے نام پر اربوں ڈالرز کے قرضے لیے

آج ملک ہر طرح کے بحرانوں کی زد میں ہے جبکہ بجلی و گیس کے بحران نے عوام کو اندھیروں میں دھکیل دیا ہے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی پی پی 113 کے امیدوار میاں اجمل حسین بدر ایڈووکیٹ نے اپنے انتخابی حلقے میں ڈور ٹو ڈور مہم کے دوران عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ 8 فروری کو ترازو کو ووٹ ڈال کر کامیاب کروائیں، ہم قوم کو کرپشن اور مہنگائی سے نجات دلائیں گے۔ زونل امیر چوہدری سلیم گجر اور جنرل سیکرٹری محمد بلال اور اجمل حسین بدر ایڈووکیٹ نے مشترکہ بیان میں کہا کہ دو سیاسی خاندانوں نے ملک کی ترقی کے نام پر اربوں ڈالرز کے قرضے لیے آج ملک ہر طرح کے بحرانوں کی زد میں ہے جبکہ بجلی وگیس کے بحران نے عوام کو اندھیروں میں دھکیل دیا ہے۔ گیس کی کمی، اعلانیہ وغیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ، کم پریشر اور مہنگی گیس کے ساتھ اور بلنگ نے تو ان کی چیخیں نکال دی ہیں، جماعت اسلامی فیصل آباد کے عوام کو تنہا نہیں چھوڑے گی، 8 فروری کو فیصل آباد کے عوام

(باقی صفحہ 2 نمبر 15)

فیصل آباد۔ ڈپٹی کمشنر عبداللہ نیئر شیخ ایک اجلاس کی صدارت کر کے اب گاؤں چمکیں گے مہم پر عملدرآمد کی پیشرفت کا جائزہ لے رہے ہیں

بیٹی دور قدیم وجدید کی جہالتوں کی زد میں ہے زاہد محمود قاسمی

دور قدیم کے جہلاء بچیوں کو زمین میں زندہ دفن کر دیتے تھے اور دور حاضر کے جہلاء اسکو ماں کے پیٹ میں ہی ختم کرا دیتے ہیں

بیٹیوں کی وجہ سے اسقاط حمل کے جرم میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے بچی کی ولادت پر اسے اور اسکی ماں کو بہت سی مشکلات کا سامنا ہے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین مرکزی علماء کونسل و جنرل سیکرٹری انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ پاکستان صاحبزادہ زاہد محمود قاسمی نے مرکزی جامع مسجد گول فیصل آباد میں اسلام میں بچیوں کی تربیت اور بیٹیاں اللہ کی نعمت ہیں کے موضوع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بیٹی دور قدیم وجدید کی جہالتوں کی زد میں ہے دور قدیم کے جہلاء بچیوں کو زمین میں زندہ دفن کر دیتے تھے اور دور حاضر کے جہلاء اس کو ماں کے پیٹ میں ہی ختم کرا دیتے ہیں بیٹیوں کی وجہ سے اسقاط حمل کے جرم میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے بچی کی ولادت پر اسے اور اس کی ماں کو بہت سی مشکلات کا سامنا ہے بیٹی جیسی معصوم رشتے کی پیدائش پر اس کی ماں کو طلاق دینے کا رجحان بڑھتا چلا جا رہا ہے مسلم معاشرے میں جاہلانہ ذہنیت رواج پانے لگی ہے بیٹی کے بارے میں تعلیمات نبوی ﷺ موجود ہیں بیٹیاں اللہ کی طرف سے رحمت ہیں زحمت نہیں ہیں اور بیٹیاں اللہ کریم کا انمول تحفہ ہیں دینی تعلیمات ہمیں یہ حکم دیتی ہیں کہ بچی کی پیدائش کو منحوس نہ سمجھا جائے بیٹی کی ولادت پر اس کا اچھا اسلامی نام رکھا جائے زمانہ جاہلیت میں تعلیم و تربیت کا فقدان تھا ظلمت و جہالت عروج پر تھی اسلام نے جب سے دنیا میں اپنی کرنیں بکھیرنی

(باقی صفحہ 2 نمبر 16)

فیصل آباد۔ ایم ڈی واسا عامر عزیز ریونیو ریکوری کی پیشرفت کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فیسکو کنکشن کے حصول میں مزید آسانیاں بنا رہا ہے چیف ایگزیکٹو فیسکو

آن لائن کچہریوں سے نہ صرف مسائل میں کمی واقع ہو رہی بلکہ صارفین فیسکو افسران کو براہ راست اپنے مسائل سے آگاہ کرتے ہیں

آن لائن کچہریوں کے انعقاد سے صارفین کے مسائل میں کمی ہو رہی ہے، چیف ایگزیکٹو فیسکو محمد عامر

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) نیٹ میٹرنگ کے کنکشن کے حصول کے طریقہ کار کو مستقبل میں مزید آسان بنا رہی ہے تا کہ زیادہ سے زیادہ صارفین نیٹ میٹرنگ سے مستفید ہو سکیں۔ نیٹ میٹرنگ کے کنکشن کے حصول کیلئے فیسکو سٹاف صارفین کو تمام تر سہولیات مہیا کریں تا کہ انھیں کسی قسم کی دقت کا سامنا نہ ہو یہ باتیں چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے

(باقی صفحہ 2 نمبر 17)

ADVERTISEMENT
ADVERTISING
PLACEMENT
DIRECT
CONTENT
INTERNET
KEYWORD
SEM
MARKET
TECHNOLOGY
WEBSITE
BUSINESS
SEO
TRAFFIC
LYALLPUR ADVERTISEMENT & MARKETING MEDIA
FAISALABAD

لائلپور ایڈورٹائزمنٹ اینڈ مارکیٹنگ میڈیا

ہر خاص وعام کے لئے اطلاع دی جاتی ہے کہ
لائلپور ایڈورٹائزمنٹ اینڈ مارکیٹنگ میڈیا (پرائیویٹ) لمیٹڈ
نے باقاعدہ قانونی طور پر اپنا کاروبار شروع کر دیا ہے

اب کاروباری حضرات، سیاسی قیادت اور ورکرز، تعلیمی ادارے، رفاہی ادارے اور تمام مینوفیکچرز اپنی پبلک آگاہی مہمات کے سلسلے میں پرنٹ میڈیا، الیکٹرانک میڈیا، سوشل میڈیا و سٹریٹ سائن بورڈز اور بینرز کے ذریعے پورے پاکستان بلکہ دنیا میں اپنا پیغام پہنچانے کے لئے ہم سے رابطہ کریں۔

P-30/47A: یونٹ نمبر 4، فسٹ فلور، سکاٹا ورنیو سول لائنز، سرگودھا روڈ، فیصل آباد، پنجاب، پاکستان
Contact Us: 0333-7791007 / 041-8782681 / 0304-9800681